# المختصر الکبیر فی سیرۃ الرسول ﷺ اور اس کی تلخیصات کا تقابلی و تجزیاتی مطالعہ

ڈاکٹر محمد علیم [1]

ڈاکٹر علی طارق [۲]

# Comparative and Analytical Study of *Al Mukhtasar al Kabir fi Sirat al Rasool(SAW)* and its Abridgements.

**Dr. Muhammad Aleem**

**Dr. Ali Tariq**

## ABSTRACT

Sirah of the Prophet Muhammad (SAW) is considered to be among the basic sources of Islamic Jurisprudence as well as a practical source of understanding Quranic Verses, Maqasid al Sharia and Dawah Strategies. Throughout Islamic history, considerable number of scholars have contributed through their writings in conveying and disseminating life , Akhlaq, Khasais, Shamail , Dalail and other topics related to the Sirah of Holy Prophet Muhammad (SAW). Family of *Ibn-e-Jama'ah* is one of them, which contributed through four books on Sirah. Three out of these books have been selected for a detailed review in this article. *Abdul Aziz Bin Muhammad (767 AD)* Wrote a comprehensive précis of life and belongings of the Holy Prophet(SAW) in the name of *Al Mukhtasar al Kabir* and then summarized as *Al Mukhtasar al Saghir*. His grand son *Muhammad Bin Abu Bakar*, Afterwards, summarized the both books in his book namely "*Al Ghurar wa al Durrar fi Sirat e Khair al Bashar* ". This article elaborates bibliographic details, textual review and analytic comparison of the three afore mentioned books and methodology of worthy authors. Textual validity was confirmed through comparison of different prints and manuscripts of the book. Conclusions have also been drawn by careful comparative analysis of the three book. Detailed analysis suggests that the original books is more comprehensive and concise among short books on Sirah. The book has been authored with balanced arrangement of relevant material, derived through authentic and reliable sources. Both abridgements, however, lost comprehensiveness of the original work while first of the both is comparatively better for provision of basic information regarding Sirah of the Prophet (SAW).

**Key Words**: Sira, Sirah, Muhammad(SAW), Biography, Holy Prophet, Ibn Jamā'ah, al Mukhtasar al Kabir, al Mukhtasar al Sagir, al Gurrar wa al Durrar.

## Summary of the Article

Sirah Studies is one of the most popular branches of Islamic knowledge. A countless number of scholars served this subject and wrote books on Sirah of the Holy Prophet (PBUH). This article deals with the trend of writing summary

---

[1] ۔ پی ایچ ڈی (سیرت)، شعبہ حدیث و سیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی۔ اسلام آباد (aleem365@gmail.com)

[۲] ۔ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد (alitariq11@gmail.com)

like small books on this subject. we have discussed the legacy of ***Ibn-e-Jama'ah*** family, who were scholars of Middle Ages. This article elaborates three following small books on Sirah.

- Al Mukhtasar al Kabir By Abdul Aziz bin Badar Ibn Jamaa'h (767H).
- Al Mukhtasar al Sagir By the same author.
- Al Ghurar wa al Durer By Muhammad bin Abi Bakar bin Abdul Aziz (819H).

All the three books are available in print , soft and a number of manuscripts in different libraries of the world. After first page of introduction, five pages of this article, deal with confusions and misunderstandings regarding different manuscripts of Sirah books of this family which include grand grandfather, his son and his grandson. This part of discussion analyzes the mistakes in catalogues of libraries and suggests its corrections. In next lines starts the segment of commentary on contents of said three books and after a detailed review and comparison of contents and subject matter of these books, graphical charts are drawn for better understanding and then a proper conclusion is made at the end of discussions.

**1. <u>Al Mukhtasar al Kabir</u>**

This book is available in print , published by Dar al Bashir, Uman; Dar al Saqafia, Cairo;Aalim al Kutub, Bairut; Moassasa al Risalah, Bairut and Maktaba al Nahdha,Bagdad. Moassasa al Risalah, Bairut's 1st edition of 1993AD with research notes of Dr Sami Makki al Aani is under review in this article. It has total 160 pages in which actual text spreads from page 15 to page 149. Al Mukhtasar al Kabir comprises of 28 chapters in which Subject Sequence is adopted and Chronological Sequence is maintained within the chapters. Summary of life events of the Holy Prophet (PBUH) including Ghazwat(battles) is narrated till the chapter 15. Afterwards particular characteristics(Khasa'es) of the Holy Prophet (PBUH) and his miracles have been briefly discussed. In subsequent chapters list of his uncles and aunts, his pious wives (mothers of the faithful people), his worthy servants, his letters to kings and Knights of all around, his holy friends and all his belongings like dresses and households are discussed. This book is replete with references of Quran, Hadith and early Sirah books.

As a whole, this book is authentic and comprehensive having simple style of writing. It has more preferable then varying accounts of stories. This book has very short version of Sirah and the details of events are omitted. The book is totally based on references and quotations of Quran, Hadith and authentic Sirah books especially it is based on Sirah narrations of Alama Abdul Momin al Dimyati (705H), who was teacher of the author.

**2. Al Mukhtasar al Sagir**

This book is available in print published by number of publishers including: Aalim al Kutub, Bairut;Dar al Merath al Nabvi, Algiers; Maktaba al Falah, Cairo and Ain lil Darasaat wa al Bahuth, Cairo. Aalim al Kutub, Bairut's 1st edition of 1988 AD with research notes of Muhammad Kamal Ud Din Izzud Din is under review in this article. The book is a short version of author's above mentioned book, in which he eliminated 10 chapters leaving 18 chapters of mother book. Account of narration inside these chapters have also been shortened. Many statements were excluded and only preferred version of story is given in possibly short words. Many chapters have been merged in one another and sequence of some chapters is changed. Likewise information inside subjects is rearranged. Following table briefly shows volume of elimination of information regarding Sirah.

| Topics | Al Kabir | Al Sagir |
|---|---|---|
| Asma un Nabi (names of the Prophet SAW) | 17 | 10 |
| Numbers of miracles | 26 | 10 |
| Names of Male servants | 24 | 7 |
| Female servants | 9 | 1 |
| Names of male slaves | 65 | 24 |
| Slave ladies | 15 | 8 |
| Secretaries | 36 | 18 |
| Delegates | 16 | 15 |
| Governor | 20 | 13 |
| Guards/sentries | 8 | 4 |

This article elaborates those points where the author changed his mind and gave a different opinion then his first book. He excluded much precious information in this abridgement.

**3. <u>Al Ghurar wa al Durrer</u>**

The book is written by Muhammed bin Abu Bakar bin Abdul Aziz Ibn Jama'h(819H).This book is published by Dar al Nawadir , Damascus in 2007 with research notes of Adnan Abu Zaid.The original text of book spread from page 32 to page 99 of total 119 pages book. The author was frequent writer and Grandson of the author of above mentioned two books. Allama Jalalud Din al Sayuti (911H) narrated that he was the author of 1000 books. This book was written as abridgement of first two books of his grandfather. It comprises of 40 chapters covering many aspects of abridged Sirah book. The author changed arrangement of chapters and information inside. Some pieces of information were eliminated while some pieces were increased. Overall, it is a very tight abridgement which eliminated much precious information which deprived reader of grabbing clear picture of Sirah stories so much so single names were excluded.

This article compares, in detail, content and differences of two later abridged books with the former book. Both abridgements are 70% and 75% of former book respectively. This Article includes graphical chart and table of differences between these abridgements and original book. The article has a proper introduction of authors and books and a comprehensive conclusion of discussion. It also includes references of information adequately.

**تعارف:** سیرت رسول اللہ ﷺ کی ترویج واشاعت میں آغاز اسلام سے عصر حاضر تک غیر معمولی تعداد پر مشتمل علما نے اپنی زندگیاں بسر کیں اور مطول و مختصر کتب لکھنے کی سعادت پائی۔ خاندان ابن جماعۃ بھی ان سعاد تمندوں میں شامل ہے، جس کے افراد نے سیرت پر رسائل اور کتب تصنیف کیں، جن میں سے تین مختصرات سیرت اس مقالہ میں زیر بحث لائی گئی ہیں۔ المختصر الکبیر في سیرۃ الرسول ﷺ عزالدین ابو عمر عبدالعزیز بن بدر الدین محمد بن ابراہیم بن سعد اللہ بن جماعۃ(۷۶۷ھ) کی تصنیف ہے۔ یہ سیرت کا جامع تر اختصار ہے، جس میں متعدد مآخذ بالخصوص الدمیاطی کی سیرت کی بنیاد پر اٹھائیس فصول میں سیرت اور متعلقات سیرت کو متوازن انداز میں، صحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ المختصر الکبیر کی تلخیص مزید خود مؤلف گرامی نے "المختصر الصغیر في سیرۃ البشیر و النذیر" کے نام سے کی، پھر اس کے بعد ان کے پوتے عزالدین محمد بن ابی بکر بن عبدالعزیز ابن جماعۃ

(۸۱۹ھ) نے الغرر و الدرر في سيرة خير البشر کے نام سے کتاب مذکور کی تلخیص کی۔ ذیل میں تینوں کتب کا متنی تحلیلی و تقابلی مطالعہ پیش کیا جارہا ہے۔

## 1- المختصر الكبير في سيرة الرسول ﷺ

**مؤلف/ مصنف**: **عزالدین عبد العزیز بن بدر الدین محمد بن ابراہیم بن سعد اللہ بن جماعۃ الکنانی (۷۶۷ھ)** [۳]

**مخطوط**: ۔مكتبة الاوقاف بغداد، دار الكتب المصرية، مكتبة جامعة برنستون، دار الكتب الوطنية تونس،مكتبة المتحف العراقي، مكتبة المتحف البريطاني، مكتبة اسكور ل-

**طباعت**: ۔دار البشير[٤]عمان،دار الثقافية قاهره، عالم الكتب بيروت، مؤسسة الرسالة بيروت، مكتبة النهضة بغداد - (**صفحات**: ۱۵۸)

## ۲- المختصر الصغير في سيرة البشير النذير

**مؤلف/ مصنف**: **عزالدین عبد العزیز بن بدر الدین محمد بن ابراہیم بن سعد اللہ بن جماعۃ الکنانی (۷۶۷ھ)**

**مخطوط**: ۔ مكتبة الازهرية، مكتبة تيمورية، مكتبة جامعة كويت، ، مكتبة الخالدية للقدس، أولو جامع، محمود للثاني قبرص، توب قابي استانبول (بغداد كشك و أحمد الثالث)، مدرسة الحجيات موصل، مكتبة يزيد-

**طباعت**: ۔عالم الكتب بيروت[5]، دار الميراث النبوي الجزائر، مكتبة الفلاح قاهرة، عين للدراسات و البحوث قاهرة- **(صفحات: ۲۱۸)**

## ۳- الغرر و الدرر في سيرة خير البشر (مختصر في السيرة النبوية[٦])

**مؤلف/ مصنف: عزالدین محمد بن إبي بکر بن عبد العزیز ابن جماعۃ (۸۱۹ھ)**

---

[۳] ۔**علامہ ابو عمر عزالدین عبد العزیز بن محمد بن ابراہیم بن سعد اللہ بن جماعۃ الحموی الشافعی، ۶۹۴ ہجری میں دمشق میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد اور وقت کے کبار علماء، جن میں ابن عساکر، ابن الفراء، شرف الدین الدمیاطی جیسے اساتذہ سمیت تیرہ سو سے زائد اساتذہ سے کسب فیض کیا۔ مصر میں شوافع کے قاضی القضاۃ رہے۔ متعدد کتب کے مصنف ہیں۔ مکہ میں ۷۶۷ھ میں وفات پائی اور قبرستان معلیٰ میں الفضیل بن عیاض کی قبر کے ساتھ دفن ہوئے۔**
( ج الدين عبد الوهاب بن تقي الدين السبكي ،طبقات الشافعية الكبرى،المحقق: د. محمود محمد الطناحي د. عبد الفتاح محمد الحلو، (دار هجر للطباعة والنشر والتوزيع،ط: الثانية، ١٤١٣هـ) ٦: ٢٤-

[٤] - عبد العزيز بن محمد بن إبراهيم ابن جماعة(٧٦٧هـ)،،المختصر الكبير في سيرة الرسول صلى عليه وسلم،المحقق: سامي مكي العاني (عمان: دار البشير ط: الأولى، ١٩٩٣م) -(**نوٹ: متنی تقابل و تبصرہ کے لیے یہی طباعت پیش نظر ہے۔ مقالہ نگار**)

[٥] - عز الدين عبد العزيز بن محمّد ابراهيم ابن جماعة(٧٦٧هـ) ، المختصر الصغير في سيرة البشير النذير، تحقيق: محمّد كمال الدين عز الدين، (بيروت: عالم الكتب، ، ط:الاولى، ١٩٨٨ م) (**نوٹ: متنی تقابل و تبصرہ کے لیے یہی طباعت پیش نظر ہے۔ مقالہ نگار**)

[٦] - خير الدين بن محمود بن محمد بن علي بن فارس الزركلي (المتوفى: ١٣٩٦هـ)، الأعلام، (بيروت: دار العلم للملايين، ط: الخامسة عشر، ٢٠٠٢ م)، ٦: ٥٧-

**طباعت:** ۔ دار النوادر دمشق ۲۰۰۷ء (صفحات: ۱۱۹)

**توضیحی نوٹ/ملاحظات:** ۔ المختصر الکبیر فی سیرۃ الرسول ﷺ اور المختصر الصغیر فی سیرۃ البشیر النذیر، عزالدین ابو عمر عبد العزیز بن بدر الدین الکنانی (۷۶۷) کی کتب ہیں، جن کے مخطوطات متعدد ذخائر میں پائے جاتے ہیں اور یہ مطبوع بھی ہیں۔ ان دونوں کتب کے مخطوطات اور مطبوعات کے بارے میں فہارس مخطوطات میں کچھ ابہام پائے جاتے ہیں، جن پر مقالہ نگار کے درج ذیل ملاحظات ہیں۔

۱. المختصر الکبیر کے ایک نسخہ کو فہرست اوقاف بغداد میں رقم (۷۵۹) پر مؤلف کے والد ابن جماعۃ بدر الدین محمد بن ابراہیم ۷۳۳ھ کی طرف غلطی سے منسوب کیا گیا ہے [8] اور اس انتساب کے لیے طبقات الاسنوی کا حوالہ دیا گیا ہے، جبکہ طبقات الاسنوی میں مؤلف کا تعارف تو ہے، لیکن ان کی کتب کے نام نہیں دیئے گئے [9]۔

۲. عبد الجبار الرفاعی [10] نے اپنی معجم میں المختصر الکبیر کے تین مخطوطات کا ذکر کیا ہے، جن میں ایک فهرس المخطوطات العربية مكتبة اوقاف العامة کا مخطوطہ نمبر ۷۵۹ ہے، یہ وہی نسخہ ہے جو اوپر مذکورہ ہے، دوسرا مخطوطہ دار الكتب المصرية ۳۲٦۷ ريخ جبکہ تیسرا نسخہ مكتبة الازهر كارقم ۹۹۷ (رواق المغاربة) ہے۔ اول الذکر دونوں مخطوطات کا انتساب تو درست ہے، کیونکہ انہیں پر انحصار و اعتماد کرتے ہوئے سامی مکی العانی نے تحقیق کر کے دار البشیر کا نسخہ شائع کیا ہے، جبکہ تیسرے مخطوطہ کا انتساب درست نہیں، جس کے بارے میں اگلا نوٹ ملاحظہ فرمائیں۔

۳. علامہ الرفاعی نے مکتبہ الازہر رقم ۹۹۷ کو المختصر الکبیر کا نسخہ قرار دیا ہے، جبکہ اصل میں یہ المختصر الصغیر کا نسخہ ہے۔ المختصر الکبیر کی ایک طباعت کے محقق د۔ سامی مکی العانی نے اپنے مقدمہ کتاب میں المختصر الکبیر اور المختصر الصغیر دونوں کتب کے دو دو مخطوطات کے تقابل اور موازنہ سے کتاب کی تیاری کا ذکر کیا ہے اور صراحت کی ہے کہ کہ مکتبہ الازھر کا مذکورہ مخطوطہ المختصر الصغیر کا نسخہ ہے۔ المختصر الصغیر کے مطبوعہ نسخہ کے محقق محمد کمال الدین عزالدین نے بھی اپنے مقدمہ میں معهد المخطوطات العربية، قاهرة میں رقم ۱۹۸۰۔ تاریخ، کے تحت اس کے مصورہ نسخہ کے محفوظ ہونے کا ذکر کرتے ہوئے اس کے بارے میں صراحت کی ہے کہ معھد کی فہرست میں یہ مخطوطہ غلطی سے المختصر الکبیر کے نام سے معنون ہوا ہے"۔ مقالہ نگار نے بھی نسخہ حاصل ہونے پر اس کا موازنہ مطبوعہ المختصر الصغیر سے کیا، تو دونوں کو ہم آہنگ پایا، جس سے علامہ الرفاعی کے تسامح کی تصدیق ہو گئی۔

۴. مقالہ نگار کو پرنسٹن یونیورسٹی کے دو مخطوطات رقم Y۱۳۸۳ اور Y۲۲۴۲ (یہودا سیکشن ۔ Garret Collection) ملے ہیں، جو کہ المختصر الکبیر کے نسخے ہیں۔ اول الذکر کا عنوان "المختصر الكبير في سيرة سيد رسول ﷺ"

---

[7] - عز الدين محمد بن أبي بكر بن عبد العزيز ابن جماعة(۸۱۹ ه) ، الغرر و الدرر في سـيرة خير البشـر، تحقيق : عد ن بن محمود أبو زيد،(دمشق: دار النوادر، ط : الأولى، ۱٤۲۷ھ/ ۲۰۰۷ م)-

[8] - عبد الجبوري، مرتب، فهرس المخطوطات العربية مكتبة اوقاف العامة، ،( بغداد: مطبعة الارشاد، ط أولى، ۱۳۹۳ ھ / ۱۹۷۳ م)، ۱: ۳٦۰-

[9] - عبد الرحيم بن الحسـن بن علي الشـافعيّ الإسـنوي (۷۷۲ھ)، طبقات الشـافعية ،تحقيق: كمال يوسـف الحوت، (بيروت: دار الكتب العلمية،ط:الاولي، ۲۰۰۲م)، ۱: ۳۸٦-

[10] ۔ عبد الجبار الرفاعي، معجم ما كُتب عن الرسول و أهل البيت صلوات عليهم ، (تهران: وزارة فرهنك و ارشاد إسلامي، ۱۳۷۱ھ )، ۳: ۲۰۱ ، رقم ۷۰٦۱-

[11] ۔ ابن جماعة(۷٦۷ھ)، المختصر الصغير في سيرة البشير النذير، ۱۵-

اور مؤخر الذکر کا عنوان "کتاب مختصر سيرة سيد رسول ﷺ " ہے۔ لائبریری میں دونوں مخطوطات کا کیٹلاگ نمبر ۴۵۱۷ ہے، جو کہ مخطوطات کے ابتدائی صفحات میں انگریزی میں دیا گیا ہے "[۱۲]۔

۵. بروکلمان نے المتحف البریطانی اور مکتبۃ اسکوریال میں المختصر الکبیر کے ایک ایک مخطوطہ کا اندراج کی اطلاع دی ہے "[۱۳] المتحف البریطانی کی فہرست میں اس کا اندراج مل گیا ہے، تاہم فہرست میں مخطوطہ کے اندراج میں کتاب کے ابتدائی مقدمہ کے الفاظ المختصر الصغیر کے ہیں، تلاش کرنے پر اس کا مخطوطہ نہیں مل سکا ہے، جس سے اس کی تصدیق نہیں ہو سکی ہے "[۱۴]۔ اسکوریال کا نسخہ حاصل کر کے دیکھا گیا تو وہ المختصر الکبیر ہی ہے "[۱۵]۔

۶. علامہ عبدالجبار الرفاعی نے اپنی معجم میں مختصر الصغیر کے ذکر میں نور الروض کو عبدالعزیز بن محمد ابن جماعۃ (۷۶۷ھ) کے بیٹے کی کتاب قرار دیا ہے "[۱۶]۔ غالباً ان سے مراد یا تو ان کا پوتا محمد بن ابی بکر (۸۱۹ھ) ہے یا شائد علامہ الرفاعی دونوں مصنفین کے تعلق کو سمجھنے سے قاصر رہے ہیں۔ دوسری اس سے زیادہ واضح غلطی یہ ہے کہ دراصل نور الروض علامہ عبدالعزیز ابن جماعۃ کے بیٹے یا پوتے کی بجائے، ان کے والد محمد بن ابراہیم ابن جماعۃ (۷۳۳ھ) کی کتاب ہے، جس کی تفصیلات مقالہ نگار اپنے ایک الگ مقالہ میں پیش خدمت کرے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

۷. مکتبہ الخالدیہ القدس کا مخطوطہ رقم تسلسل ۱۳۵۷ (مخطوط ضمن مجموعۃ ۲/۱۰۸۰[۱۷]) کے مخطوطہ کے متن کا دونوں کتب سے تقابل کیا گیا تو ظاہر ہوا کہ یہ المختصر الصغیر کا نامکمل نسخہ ہے، جو رسول اللہ ﷺ کی طائف سے واپسی کے ذکر پر ختم ہوتا ہے۔

۸. معجم تاریخ التراث الاسلامی فی مکتبات العالم جو کہ ترکی سے شائع شدہ عمدہ ببلو گرافی ہے، میں المختصر الکبیر اور المختصر الصغیر کے متعدد نئے مخطوطوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے "[۱۸]۔ اس فہرست میں اگرچہ دونوں کتابوں کو الگ الگ ظاہر کیا گیا ہے، لیکن المختصر الکبیر کے ضمن میں جن مخطوطات کی فہرست دی گئی ہے، ان میں سے اکثر مخطوطات المختصر الصغیر کے نسخہ جات ہیں۔ اس میں دیگر فہارس کی نسبت المختصر الکبیر کے ضمن میں تین مخطوطات کا اضافی ذکر ہے، جن میں اولو جامع رقم ۲۴۶۶، محمود ثانی 1/118 اور دار الکتب الوطنیہ تونس رقم ۴۸۹۱ شامل ہیں، جبکہ المختصر الصغیر کے ضمن میں مدرسۃ الحجیات موصل رقم ۱۱/۱۹ تاریخ کے مخطوطے کا اضافی ذکر ہے۔ اولو جامع بورصہ، محمود ثانی قبرص کے مخطوطات کی تصدیق رمضان ششن کی ترکی کے نادر عربی مخطوطات کی

---

[12]-ROUDLEF MACH,Catalogue of Arabic Manuscripts(YAHUDA SECTION),GARRETT College(Princeton, NEW JERSEY: Princeton University Library), p.388-
http://arks.princeton.edu/ark:/88435/z316q42 (عنوان: المختصر الكبير في سيرة سيدنا رسول اللهﷺ
http://arks.princeton.edu/ark:/88435/9w032564b (عنوان: مختصر سيرة سيدنا رسول الله ﷺ )

[13] . Brockelmann , Carl (1868-1956),*Geschichte der arabischen Litteratur* (GAL) Supplement Band, (E.j. Brill, 1938), 2:78

[14] . Charlis Rieu, Supplement to the Catalogue of the Arabic Manuscripts in the British Museum, (London: Gilbert and Bivington LD ST. John's House, 1894) , P. 808, Manuscript No. Or.4371

[15] . https://archive.org/download/M-DER-SCOR-1700/no1744.zip

[۱۶]- الرفاعی، معجم ما كُتب عن الرسول، ٣: ١٩٩، رقم ٧٠٤٨-

[۱۷] - نظمي الجعبة، مرتب ، فهرست المكتبة الخالدية القدس،(لندن : مؤسسة الفرقان للتراث الاسلامي، ١٤٢٧هـ-٢٠٠٦م)، ٦٠٥-

[۱۸] - علي الرضا قره بلوط – أحمد طوران قره بلوط، معجم ريخ التراث الإسلامي في مكتبات العالم – المخطوطات والمطبوعات( قيصري – تركيا: دار العقبة، ، ط: الأولى، ١٤٢٢هـ – ٢٠٠١ م) ، ٣: ١٧٧٢-

فہارس سے ہو گئی ہے کہ وہ المختصر الصغیر کے نسخہ جات ہیں (دیکھیے آگے نوٹ نمبر ۱۱)، دار الکتب الوطنیہ تونس کی اصل فہارس سے بھی مخطوطہ کے بارے میں یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ المختصر الکبیر ہے یا المختصر الصغیر[۱۹]، تاہم اس کے اوراق (۴۴ق) کا زیادہ ہونا اور معجم تاریخ التراث الاسلامی کی سند پر اسے المختصر الکبیر ہی تصور کیا گیا ہے۔ مدرسۃ الحجیات کے مخطوطہ کی اوقاف موصل کی فہارس سے تصدیق ہو گئی ہے، کیونکہ وہ ۱۳ اوراق پر مشتمل ہے، جو المختصر الصغیر کا ہی حجم ہو سکتا ہے[۲۰]۔

۹. مجلۃ المورد العراقی[۲۱] میں مکتبہ توپ کاپی سرائے کی فہرست مخطوطات شائع کی گئی ہے، جس میں ابن جماعۃ کی کتاب سیرت کے دو مخطوطات کی بھی تفصیل فراہم کی گئی ہے۔ مخطوطہ اول بغداد کوشک رقم ۲۶۰ (توپ کاپی رقم ۶۰۲۸) المختصر الصغیر فی سیرۃ البشیر النذیر کا نسخہ ہے، کیونکہ اس کا عنوان بھی یہی ہے اور دیگر شہادتیں بھی موجود ہیں، جبکہ مخطوطہ دوم مکتبہ احمد الثالث ۲۷۹۶ (توپ کاپی رقم ۶۰۱۹) کے تحت محفوظ ہے، جس کا عنوان مختصر سیرۃ النبی ﷺ ہے[۲۲]۔ معجم التاریخ التراث الاسلامی فی مکتبات العالم نے مکتبہ احمد الثالث ۲۷۹۶ (توپ کاپی رقم ۶۰۱۹) کے مخطوطہ کو المختصر الکبیر کا نسخہ شمار کیا ہے، جبکہ خود توپ کاپی کی مجلّہ المورد کی مذکورہ فہرست میں مخطوط کے مقدمہ مؤلف کے ابتدائی الفاظ سے قیاس ہوتا ہے کہ شائد یہ المختصر الصغیر کا نسخہ ہے۔ دوسری طرف اس مخطوطہ کے ۶۱ اوراق المختصر الصغیر کے دیگر مخطوطوں سے حجم میں زیادہ ہونے کی بنا پر المختصر الکبیر کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مخطوطہ کا عنوان "مختصر سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم" ہے، جس سے اس کے المختصر الکبیر یا المختصر الصغیر ہونے کا پتہ نہیں چلتا، تاہم علامہ الرفاعی نے اسے المختصر الصغیر ہی ظاہر کیا ہے۔ مقالہ نگار کا خیال یہ ہے کہ یہ مخطوطہ بھی المختصر الصغیر کا نسخہ ہے، تاہم اس کے لیے کسی مزید دلیل یا اصل مخطوطہ کی تلاش جاری ہے۔

۱۰. دار الکتب المصریۃ کی فہرست میں المختصر الکبیر کے رقم ۳۲۶۷ کے مخطوطہ کا اندراج ہے[۲۳]، لیکن مخطوطہ کی ابتدائی عبارت کے الفاظ "المختصر الصغیر" کے مقدمہ کی عبارت والے ہیں، حالانکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ یہ المختصر الکبیر ہی ہے، کیونکہ مذکورہ فہرست میں اس مخطوطہ کا اندراج اسی نام سے کیا گیا ہے اور مقالہ نگار کے زیر استعمال المختصر الکبیر کی دار البشیر کی اشاعت اسی مخطوطہ پر مبنی ہے، جیسا کہ د۔ سامی مکی العانی نے مقدمہ کتاب میں ذکر کیا ہے[۲۴]۔

۱۱. رمضان ششن نے مختارات من المخطوطات العربیۃ النادرۃ فی مکتبات ترکیا میں المختصر الصغیر کے دو مخطوطات کی خبر دی ہے جو کہ اولو جامع رقم ۲۴۶۶ اور مکتبہ محمود الثانی قبرص رقم ۱/۱۱۸ کے تحت محفوظ ہیں[۲۵]، جب کہ اول الذکر کو معجم تاریخ التراث

---

[۱۹] -فهرس مخطوطات دار الكتب الوطنية(تونس: وزارة الاعلام و الشؤون الثقافية ، ۱۹۸۰م) ٥: ۱۷۹، مخطوط رقم ٤٨٩١-

[۲۰] سالم عبد الرزاق أحمد، فهرس مخطوطات مكتبة الأوقاف العامة في الموصل(بغداد: وزارة الأوقاف والشؤون الدينية ، ۱٤۰۳ هـ — ۱۹۸۲م) ۳: ۸۳-

[۲۱] - د- فاضل مهدي بيات،" المخطوطات العربية في مكتبة طوپ قاپي سراي ستنبول"، (بغداد: مجلة المورد العراقية ، وزارة الاعلام - الجمهورية العراقية ، مج-٤ ، ع-٤ (۱۳۹٥/ ۱۹۷٥م): ۲۷۸- ۲۷۹

[۲۲]۔ مذکورہ دونوں مکتبات بغداد کشک اور احمد الثالث، مکتبہ توپ کاپی سرائے میں ضم ہو چکے ہیں۔

[۲۳] - فهرس الكتب العربية الموجودة لدار لغلية ديسمبر ۱۹۲۸(قاهرة : مطبعةلدار المصرية ، ط: الاولي، ۱۳٤۸/ ۱۹۳۰)، ٥ (التاريخ): ۳۳٥-

[۲٤] - ابن جماعة (۷٦۷ھ) ،المختصر الكبير في سيرة الرسول ﷺ، ۱۱

[۲٥] - مضان ششن، مختارات من المخطوطات العربية النادرة في مكتبات تركيا (بيروت: الكتاب الجديد، ۱۹۹۷)،۱: ۳۳-

الاِسلامی فی مکتبات العالم[٢٦] میں المختصر الکبیر ظاہر کیا گیا ہے۔ مقالہ نگار کے خیال میں یہ المختصر الصغیر کا نسخہ ہے، کیوں کہ اس کے مقدمہ کی ابتدائی عبارت کا ٹکڑا، جسے رمضان ششن نے نقل کیا ہے، اس طرف اشارہ کرتا ہے۔ مؤخر الذکر کے بارے میں کوئی خاص اطلاع نہیں مل سکی، صرف رمضان ششن کی عبارت سے اندازاً یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ بھی المختصر الصغیر ہی کا نسخہ ہے۔

١٢. خزانة النزاث ، مرکز الملک فیصل[٢٧] نے اپنی فہرست میں معھد البحوث العلمية و احياء النزاث، مکہ مکرمہ میں ابن جماعہ کی کتب سیرت کے چھ نسخوں کے مصورات کی خبر دی ہے اور المختصر الکبیر اور الصغیر کا فرق نہیں کیا اور ان تمام کا اندراج "المختصر فی سیرة النبویۃ" کے نام سے کیا ہے اور ان کے اصل مآخذ کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ ان مخطوطات کی تفصیل حسب ذیل ہے:

| رقم مخطوط- معهد البحوث العلمية | اصل مآخذ | کتاب |
|---|---|---|
| ٣ | الاوقاف العامه ببغداد | المختصر الکبیر |
| ٣٥ | الازهريه ٩٩٧ | المختصر الصغیر |
| ٨٨ | طوبقابي سرائى ٢٦٠ بغداد كشك | المختصر الصغیر |
| ٨٩ | طوبقابي ٢٧٩٦ احمد الثالث | المختصر الصغیر |
| ١١٧ | جامعه برنستون ١٣٨٣ مجموعة يهودا | المختصر الکبیر |
| ١١٨ | جامعه برنستون ٢٢٤٢ مجموعة يهودا | المختصر الکبیر |

درج بالا مخطوطات میں دونوں کتب کے تین تین مخطوطات کا اندراج کیا گیا ہے، لیکن ان میں فرق کرنے کی بجائے انہیں ایک ہی نام سے ظاہر کیا گیا ہے۔

١٣. علامہ عبد الجبار الرفاعی نے المختصر الصغیر کے ذکر میں بروکلمان کا حوالہ دیا ہے، جو کہ اصل جرمن متن کا حوالہ ہے،[٢٨] اسی طرح سیزگین کی تاریخ التراث العربی کے عربی ترجمہ کے حوالہ سے معلومات درج کی ہیں۔ یہاں پر علامہ الرفاعی سے تسامح ہوا ہے کہ انہوں نے علامہ سیزگین کا غلط حوالہ دیا ہے، کیونکہ سیزگین نے یہاں پر علامہ عبد العزیز بن محمد ابن جماعۃ (٧٦٧ھ) کی بجائے ان کے پوتے محمد بن ابی بکر (٨١٩ھ) کا ذکر کیا ہے اور ان کی ایک مختصر السیرہ کا ذکر کیا ہے[٢٩]۔ علامہ سیزگین سے بھی مذکورہ مقام پر تسامح ہوا ہے، کیونکہ انہوں نے کتاب کا انتساب مولف مذکور سے کرنے کی بجائے، ان کے پوتے محمد بن ابی بکر ابن جماعۃ (٨١٩ھ) سے کیا ہے۔ یہاں پر انہوں نے مکتبہ تیموریہ کے جس مخطوط (رقم ٦٦١) کا ذکر کیا ہے، اس کا ملاحظہ کرنے سے پتہ چلا کہ وہ المختصر الصغیر کا نسخہ ہے، جو کہ انہی مؤلف (عبد العزیز بن محمد ٧٦٧ھ) کی پیش نظر کتاب ہے اور سیزگین کے ذکر کردہ محمد بن ابی بکر (٨١٩ھ) کی کتاب نہیں ہے۔ یعنی کتاب کا ذکر تو درست ہے، لیکن سیزگین کا انتساب غلط ہے، مزید برآں سیزگین کا اسے

---

[٢٦] - علي الرضا قره بلوط ، معجم  ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم – المخطوطات والمطبوعات، ٣: ١٧٧٢-

[٢٧] - الحلو،عبد الفتاح محمد، مرتب، خزلنة النزاث – فهرس مخطوطات، ، (الر ض: مطبعة مركز للملك فيصل للبحوث وللدرلسات الإسلامية )، رقم تسلسل ٩٩٦٨٢ -

[28] Brockelmann Carl (1868-1956),*Geschichte der arabischen Litteratur* (GAL) Supplement Band,(E.j. Brill: 1938), Vol.2, P78.

[٢٩]-فواد سيزكين، ريخ النزاث العربي(قاهره: الهيعة المصرية العامة للكتاب، ١٩٧٧م ) ،١: ٢: ١١٠-

سیرت ابن ہشام کی تلخیص کہنا بھی محل نظر ہے۔ مکتبۃ تیموریہ کے اسی مذکورہ مخطوطہ نمبر ٦٦١ کے متعلق ڈاکٹر محمد یاسین مظہر صدیقی سے بھی تسامح ہوا ہے، کیونکہ انہوں نے اس نسخہ کو المختصر الصغیر سمجھنے کی بجائے اسے الروض الانف للسہیلی کی تلخیص "نور الروض" قرار دیا ہے[٣٠]، جو دراصل علامہ عبدالعزیز بن محمد (٧٦٧ھ) کے والد محمد بن ابراہیم ابن جماعۃ (٧٣٣ھ) کی کتاب ہے۔ سیزگین نے مذکورہ ترجمہ میں بروکلمان کا حوالہ بھی دیا ہے، بروکلمان کی جرمن عبارت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے یہاں پر علامہ محمد بن ابی بکر ابن جماعۃ (٨١٩ھ) کے تعارف میں انہیں فلسفی اور طب کا استاد قرار دیا ہے اور ان کی کتابوں میں سیرت پر کسی کتاب کا ذکر نہیں کیا[٣١]، جبکہ وہ عقلیات و طب سمیت متعدد علوم کے بے مثل عالم ہونے کے ساتھ ساتھ حدیث کے بھی عالم تھے، کیونکہ علامہ ابن حجر جیسے محدث نے بھی ان سے اخذ کیا ہے، اس کے علاوہ سیرت پر ان کی ایک کتاب الغرر والدرر بھی مقالہ کا حصہ ہے۔

١٤۔ علامہ الرفاعی نے آسیا کلیبان البارح کی تحقیق سے شائع شدہ المختصر الصغیر کی اشاعت میں المجمع العلمی العراقی، مکتبہ اوقاف بغداد اور المتحف العراقی کے مخطوطات کے استعمال کا ذکر کیا ہے۔ تحقیق کرنے پر ظاہر ہوا کہ المجمع العلمی العراقی کا مخطوطہ تو مکتبہ اوقاف بغداد کا محض فوٹو ہے، خود الگ سے کوئی مخطوطہ نہیں ہے[٣٢]، جبکہ مکتبہ اوقاف کے نسخہ کے بارے میں یہ ثابت ہو چکا ہے کہ وہ المختصر الصغیر کی بجائے المختصر الکبیر کا نسخہ ہے، جسے د۔ سامی مکہ العانی نے بنیاد بنا کر دار البشیر کا نسخہ طبع کروایا ہے۔ لہٰذا الرفاعی کا آسیا کلیبان البارح والی اشاعت (مقالہ نگار کی رسائی نہیں ہو سکی ہے) کو المختصر الصغیر کی اشاعت قرار دینا، سہو ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس مذکورہ اشاعت میں الرفاعی نے جس تیسرے نسخہ سے مدد لینے کا ذکر کیا ہے، مقالہ نگار کو المتحف العراقی کی ١٩٥٢ کی شائع شدہ فہارس میں اس کا اندراج نہیں ملا ہے[٣٣]۔ تاہم ممکن ہے یہ اندراج اس کے بعد اسامہ ناصر نقشبندی کی تحقیق سے شائع ہونے والی ببلوگرافی[٣٤] میں موجود ہو کیونکہ اس مکتبہ میں اس کے بعد بھی کتب شامل ہوتی رہی ہیں، تاہم مقالہ نگار کے لیے مذکورہ ببلوگرافی میسر نہ آ سکنے کی وجہ سے، حتمی طور پر کچھ کہنا مشکل ہے۔ ان معلومات کی بنا پر الرفاعی کی اطلاعات کو اس حد تک غیر صحیح قرار دیا جا سکتا ہے کہ انہوں نے جس کتاب کو المختصر الصغیر قرار دیا، وہ دراصل المختصر الکبیر ہے۔ اس بات کو الفهرس العربي الموحد (aruc.org) کی آن لائن تلاش کے نتائج سے بھی تقویت ملتی ہے، جس میں آسیا کلیبان البارح کی تحقیق شدہ اشاعت کو المختصر الکبیر کے ضمن میں ذکر کیا گیا ہے اور درج ذیل اشاعتی معلومات فراہم کی گئی ہیں[٣٥]۔ نیز معجم تاریخ التراث الاسلامی نے بھی المختصر الکبیر کی بغداد سے ١٩٩٠م میں اشاعت کا ذکر کیا ہے، جو اغلباً آسیا کلیبان البارح کی تحقیق سے شائع شدہ کتاب ہی ہو سکتی ہے۔ علامہ الرفاعی نے آسیا کلیبان البارح کی مذکورہ تحقیق میں المغرب کے ایک مخطوطہ کے استعمال کا بھی ذکر کیا ہے، جس کے بارے میں

---

[٣٠]۔ صدیقی، ڈاکٹر محمد یسین مظہر، مقالات سیرت، مرتب۔ ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس، (لاہور: مکتبہ اسلامیہ، ٢٠١٥)، ا: ١٧٨۔

[31] .Brockelmann , Carl (1868-1956),*Geschichte der arabischen Litteratur* (GAL) , (Berlin: Verlag Von Emil Felber, 1902), Vol.2, P. 94.

[٣٢] - ميخائيل عواد ، مخطوطات المجمع العلمي العراقي ،(بغداد: المجمع العلمي العراقي ١٣٩٩ — ١٩٧٩)، ٢: ٨٨-

[٣٣] -كوركيس عواد، المخطوطات االتاريخي في خزانة كتب المتحف العراق ببغداد( بغداد :مطبعة الرابطة، )١٩٥٧)

[٣٤] - اسامه صر نقشبندي ، مخطوطات التاريخ و النزاجم و السير في مكتبة المتحف العراقي(بغداد: دار الحرية للطباعة، ١٩٨٢)

[٣٥] - عبد العزيز بن محمد بن إبراهيم ابن جماعة(٧٦٧ ه)، السيرة النبوية الشريفة الموسوم لمختصر الكبير في سيرة سيد رسول صلى عليه وسلم، تحقيق- آسيا كليبان علي مراجعة عبد القهار داود عبد العاني، (بغداد :مكتبة النهضة،١٩٩٠-)(كلمة تلاش : السيرة النبوية الشريفة، الموسوم، لمختصر الكبير في سيرة سيد رسول صلى عليه وسلم ) -https://www.aruc.org/web/aruc/search

مقالہ نگار کا خیال ہے کہ یہ ممکنہ طور پر دار الكتب الوطنيّة تونس کا مخطوطہ رقم ۴۸۹۱ ہو سکتا ہے، جس کا ذکر معجم ريخ النزاث الإسلامي نے کیا ہے[36]، کیونکہ مقالہ نگار کو، اب تک کی تحقیق سے، المغرب میں اس کتاب کے کسی اور مخطوطہ کی اطلاع نہیں مل سکی ہے۔

۱۵. الفهرس العربي الموحد اور گوگل کی عام تلاش سے المختصر الصغیر کی تین[37] اور المختصر الکبیر کی پانچ[38] مختلف اشاعتوں کی تفصیل معلوم ہوئی ہے، جبکہ مقالہ نگار کو دونوں کتب کی صرف ایک ایک اشاعت تک رسائی میسر آئی ہے۔ اس کے علاوہ ابن جماعۃ سے منسوب ایک کتاب سیرت " المختصر الندی فی سیرۃ النبی ﷺ " کے نام سے مسعد عبدالحمید محمد السعدنی کی تحقیق سے مکتبہ القرآن قاہرہ اور مکتبہ السعی، جدہ[39] سے مطبوع ہونے کے اندراجات ملے ہیں۔ انٹرنیٹ پر اس کا متن میسر نہیں ہو سکا، تاہم اس کی ۲۸۰ منٹ پر محیط آڈیو فائل مل گئی ہے[40]، جس کی سماعت کرنے پر پتہ چلا کہ یہ المختصر الصغیر کا متن ہے[41]۔

۱۶. المختصر الصغیر فی سیرۃ البشیر والنذیر جو کہ محمد کمال الدین عزالدین کی تحقیق سے عالم الکتب سے مطبوع ہے، دو مخطوطات پر مبنی ہے ، جن میں بغداد کشک رقم ۲۶۰ (توپ کاپی سرائے استانبول میں رقم B۶۰۸۰ اور معہد المخطوطات العربیۃ قاہرۃ میں رقم ۴۵۳ تاریخ کے تحت محفوظ) کو اصل قرار دیا گیا ہے، جبکہ الازہر رقم ۹۹۷۔ رواق المغاربۃ (معہد المخطوطات العربیۃ قاہرۃ میں رقم ۱۹۸۰ تاریخ کے تحت محفوظ ہے، لیکن وہاں غلطی سے اس کا اندراج المختصر الکبیر کے نام سے کیا گیا ہے۔ اسی سے شائد علامہ الرفاعی کو بھی اشتباہ ہوا اور انہوں نے بھی اسے المختصر الکبیر کا نسخہ شمار کیا، جس کا ذکر ما قبل میں ہو چکا ہے۔

۱۷. المختصر الکبیر کي ایک طباعت "المختصر الكبير في سيرة النبي محمد ﷺ" کے عنوان سے سے الدار الثقافة للنشر قاہرۃ سے د۔ کرم حلمی فرحات کی تحقیق سے ۲۰۰۵ میں شائع ہوئی ہے، جس میں محقق نے مقدمہ میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ علامہ ابن جماعۃ نے

---

[36]۔ علي الرضا قره بلوط ، معجم ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم ، ٣: ١٧٧٢-

[37] - (١) عز الدين عبد العزيز بن محمّد ابراهيم بن جماعة الكناني (٧٦٧ ھ)، المختصر الصغير في سيرة البشير النذير، تحقيق: محمّد كمال الدين عز الدين -و- (٢) أيضا، تحقيق : محمد عوض عبد الغني المصري ( الجزائر: دار الميراث النبوي للنشر و التوزيع) -و- (٣) أيضا، المختصر الصغير في سيرة رسول ﷺ، تحقيق: كرم حلمي فرحات( قاهرة: مكتبة الفلاح ،٢٠٠٧)-و-(۴) ايضا، (قاهرة :عين للدرلسات و البحوث الانسانية و الاجتماعية، ٢٠٠٦ و٢٠٠٧)

[38] - (١) عبد العزيز بن محمد ابن جماعة (٧٦٧ھ) ،المختصر الكبير في سيرة الرسول ﷺ تحقيق: سامي مكي العاني -و- ١٩٩٩م -و-(٢) أيضا، (بيروت: مؤسسة الرسالة للطباعة و النشر و التوزيع، ١٩٩٣م)- و- (٣) أيضا، محقق: كمال الدين عز الدين( بيروت: عالم الكتب، ١٩٨٨م)-و-(٤) أيضا، المختصر الكبير في سيرة االنبي محمد ﷺ، محقق: د- كرم حلمي فرحات(قاهرة :دار الثقافية للنشر، ٢٠٠٦م)-و- (٥)أيضا، السيرة النبوية الشريفة الموسوم به المختصر الكبير في سيرة سيد رسول ﷺ، محقق: آسيا كليبان على البارح،(بغداد : مكتبة النهضة، ١٩٩٠م)-

[39] - عبد العزيز بن محمد بن إبراهيم بن جماعة (٧٦٧ ھ) ،المختصر الندي في سيرة النبي صلى عليه وسلم ،تحقيق: مسعد عبد الحميد السعدني(القاهرة: مكتبة القرآن، ١٩٩٠ ) -و- أيضا ،(جدة: مكتبة الساعي، ١٩٩١)-

[40]. https://www.alukah.net/audio_books/0/15686/

[41]۔ کتاب مذکور کے محقق نے اس کے لیے "المختصر الندی فی سیرۃ النبی ﷺ" کا نیا عنوان غالباً اپنی طرف سے اختیار کر لیا ہے، کیونکہ مقالہ نگار کی معلومات کے مطابق، علامہ ابن جماعہ کے ترجمہ نگاروں نے علامہ کی کتابوں میں اس نام کی کسی کتاب کا ذکر نہیں کیا۔

پہلے المختصر الصغیر لکھی اور پھر المختصر الکبیر لکھی لیکن اس پر کوئی دلیل نہیں دی۔ یہ اشاعت دو مخطوطوں پر مبنی ہے، جن میں ایک دارالکتب المصریہ (رقم ۳۲۶۷ تاریخ) کا نسخہ ہے اور دوسرا مکتبہ اوقاف العامہ بغداد (رقم ۹۵۷) کا نسخہ ہے۔

## المختصر الکبیر کے مخطوطات

| | | |
|---|---|---|
| ١. | مكتبة لوقاف للعامة بغداد- رقم ٩٥٧، ٤٤ أوراق | ١- مقدمه المختصر الكبير ص ١١(محقق: سامي مكي العاني)، دار البشير / عمان)، ٢- الرفاعي، ج٣ ص ١٩٩، رقم ٧٠٤٨-و- ص ٢٠١ رقم ٧٠٦١، ٣- معجم ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم ج٣ ص ١٧٧٢ |
| ٢. | دار الكتب المصرية ٣٢٦٧ ريخ، ٥٧ أوراق | - مقدمه المختصر الكبير ص ١١(محقق: سامي مكي العاني)، دار البشير / عمان)، ٢- الرفاعي، ص ٢٠١ رقم ٧٠٦١، |
| ٣. | دار الكتب الوطنيّة بتونس ٤٨٩١ ورقة ٤٤ | معجم ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم ج٣ ص ١٧٧٢ |
| ٤. | المتحف العراقي | الرفاعي، ج٣ ص ١٩٩، رقم ٧٠٤٨ |
| ٥. | المجمع العلمي العراقي | الرفاعي، ج٣ ص ١٩٩، رقم ٧٠٤٨<br>فهرست مخطوطات المجمع العلمي العراقي |
| ٦. | المغرب | الرفاعي، ج٣ ص ١٩٩، رقم ٧٠٤٨ |
| ٧. | مكتبة جامعة برنستون رقم 1383Y و 2242Y (Gerret Collection) | http://arks.princeton.edu/ark:/88435/z316q422z<br>http://arks.princeton.edu/ark:/88435/9w032564b<br>19 Feb 2020 |
| ٨. | مكتبة المتحف البريطاني | Supplement to the Catalogue of the Arabic Manuscripts in the British Museum, Manuscript No. Or.4371 |
| ٩. | مكتبة لسكور ل مخطوطه رقم ١٧٤٤ | https://archive.org/download/M-DER-SCOR-1700/no1744.zip |

## المختصر الصغیر کے مخطوطات

| | | |
|---|---|---|
| ١. | مكتبة الازهرية ٩٩٧- رواق المغاربه (مصوره في معهد إحياء | ١- الرفاعي ج٣ ص ٢٠١ رقم ٧٠٦١، ٢- مقدمه المختصر الكبير ص ١١(محقق: سامي مكي العاني)، دار البشير / عمان) |

| | | |
|---|---|---|
| | المخطوطـات العربيـة،قـاهره<br>تحت رقم ١٩٨٠- ريخ) | |
| ٢. | أولو جامع ٢٤٦٦ ورقة ٦٧ - ٨٤، | ١- معجم ريخ النزاث الإســـلامي في مكتبات العالم ، ج٣ ص ١٧٧٢، ٢- مختارات من المخطوطات العربية النادرة في مكتبات تركيا ج١ ص٣٣-<br>*المنجد نے بھی اولو جامع کے نسخہ کو المختصر الصغیر قرار دیا ہے*- معجمما ألّف عن رسول ا ّ (ﷺ)[٤٢]، |
| ٣. | محمود ني رقم ١١٨/ ١ ورقة ١٣، ١٠٤٧هـ؛ | معجم ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم، ج٣ ص ١٧٧٢<br>مختارات من المخطوطات العربية النادرة في مكتبات تركيا ،ج١ ص٣٣ |
| ٤. | جامعة الكويت رقم ٤٥/ ١ | معجم ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم، ج٣ ص ١٧٧٢<br>مقدمه المختصر الكبير ص ١١ |
| ٥. | مكتبه يزيد (٥٢٩٥) و (٥٢٩٦) | (لرفاعي، ج٣ ص ١٩٩، رقم ٧٠٤٨ |
| ٦. | طوپقپوسراي ٦٠٢٨ : بغداد كشك ٢٦٠ | الرفاعي، ج٣ ص ١٩٩، رقم ٧٠٤٨<br>المورد مج ٤ ع٤ص ١٧٨<br>معجم ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم، ج٣ ص ١٧٧٢ |
| ٧. | طوپقپوســـراي ٦٠١٩ — أحمد الثالث ٢٧٩٦ | المورد مج ٤ ع٤ص ١٧٨<br>الرفاعي، ج٣ ص ١٩٩، رقم ٧٠٤٨<br>معجم ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم، ج٣ ص ١٧٧٢<br>*المنجد نے بھی احمد الثالث کے نسخہ کو المختصر الصغیر قرار دیا ہے*۔ معجمما ألّف عن رسول ا ّ (ﷺ) |
| ٨. | مدرســة الحجيات لموصــل ريخ رقم ١٩/ ١ ورقة ١٣؛ | معجم ريخ النزاث الإسلامي في مكتبات العالم، ج٣ ص ١٧٧٢<br>فهرس مخطوطات مكتبة الأوقاف العامة في الموصل، جزء الثالث ، ص ٨٣ |

[٤٢]۔صلاح الدين المنجد،معجم ما ألّف عن رسول ا ّ (ﷺ)(بيروت: دار الكتب الجديد، ط: الأولى، ١٤٠٢ ھ/ ١٩٨٢ م)، ١٢٦-

| | | |
|---|---|---|
| ٩. | مكتبة الخالدية القدس مخطوط رقم ١٣٥٥ ضمن مجموع 1080/2 | فهرست المكتبة الخالدية القدس، ص ٦٠٥ |
| ١٠. | مكتبة تيمورية ٦٦١ تراجم | سيزگين- ريخ النزاث العربي، مج١، ج٢، ص ١١٠ |

# کتب سیرت کا متنی مطالعہ

## 1- المختصر الكبير في سيرة الرسول ﷺ

**موضوعات/ عنوانات کتاب۔** کتاب اٹھائیس فصول پر مشتمل ہے، جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

پہلی فصل: نسب اور رسول اللہ ﷺ کے اسمائے گرامی، دوسری فصل: رسول اللہ ﷺ کی والدہ محترمہ کا ذکر خیر، تیسری فصل: رسول اللہ ﷺ کی ولادت کا ذکر، چوتھی فصل: آپ ﷺ کی رضاعت، پانچویں فصل: آپ ﷺ کی کفالت، چھٹی فصل: رسول اللہ ﷺ کی نوجوانی کے واقعات اور حجر اسود کا معاملہ، ساتویں فصل: وحی کی ابتدا اور دعوت، آٹھویں فصل: حبشہ کی دونوں ہجرتوں کا ذکر، نویں فصل: شعب ابی طالب کی محصوری اور سفر طائف، دسویں فصل: اسراء اور معراج کا ذکر، گیارہویں فصل: انصار کے قبول اسلام اور عقبہ اولیٰ و ثانیہ کی تفصیلات، بارہویں فصل: رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کی ہجرت، تیرہویں فصل: رسول اللہ ﷺ کے مدینہ تشریف لانے کے ابتدائی واقعات، چودھویں فصل: غزوات اور مدنی دور کے اہم واقعات کے سن وار ترتیب سے بیان پر مشتمل ہے، پندرہویں فصل: رسول اللہ ﷺ کی خلقی صفات، سولہویں فصل: رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کریمہ، سترہویں فصل: آپ ﷺ کے ۲۶ معجزات، اٹھارہویں فصل: رسول اللہ ﷺ کی اولاد اطہار، انیسویں فصل: رسول اللہ ﷺ کے چچاؤں اور پھوپھیوں کا ذکر (جو تعداد میں انیس بنتے ہیں اور غالبا سب سے زیادہ تعداد ابن جماعہ نے ذکر کی ہے)، بیسویں فصل ازواج مطہرات کے ذکر پر مشتمل ہے، جو زمانی ترتیب سے، یعنی اس ترتیب سے جس ترتیب سے ازواج مطہرات رسول اللہ ﷺ کے نکاح میں آئیں، اکیسویں فصل: رسول اللہ ﷺ کی باندیوں، مرد خدام، خواتین خادمائیں، موالی اور موالاۃ کے اسماء (موالی کی سب سے زیادہ تعداد ۶۵ ذکر کی گئی ہے)، بائیسویں فصل: کاتبین نبوی کے ذکر (۳۶ کاتبین کے نام)، تیئیسویں فصل: رسول اللہ ﷺ کے قاصدین اور شاہان و امرا کے نام لکھے گئے خطوط کا ذکر، چوبیسویں فصل رسول اللہ ﷺ کے مؤذنوں، آپ کے امراء، دوست، پہرے داروں، قانون نافذ کرنے والوں، اور متفرق ذمہ داروں کے ذکر پر مشتمل ہے۔ پچیسویں فصل آپ ﷺ کے اسلحہ کے بیان پر مشتمل ہے، چھبیسویں فصل آپ ﷺ کے لباس، انگوٹھی اور گھریلو سامان کے ذکر پر مشتمل ہے، ستائیسویں فصل: آپ ﷺ کے مویشیوں کا ذکر (اس فصل میں وفد عرینہ کا واقعہ بھی ذکر کیا گیا ہے)، اٹھائیسویں فصل: رسول اللہ ﷺ کی وفات اور آپ کی عمر مبارک، مدت مرض، کفن دفن اور قبر انور کے ذکر پر مشتمل ہے۔

### مؤلف کا منہج

مؤلف نے کتاب کی ابتدا میں اپنے منہج کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھاہے کہ یہ مختصر سیرت انہوں نے کتب سیر و مغازی سے جمع کی ہے اور انہوں نے اس کی تصحیح اور مغازی کی تاریخوں میں شیخ شرف الدین الدمیاطی پر اعتماد کیاہے اور جن امور میں اختلاف ہے، ان میں الدمیاطی کے قول پر اکتفا کیاہے، کیونکہ ان (الدمیاطی) کا سیرت سے اعتنا اور ممارست طویل ہے"[43]۔

کتاب کے متن کے مطالعے سے مؤلف کے منہج کے درج ذیل نکات واضح ہوتے ہیں:

۱. مؤلف نے خبر اور روایت کی صحت کا اہتمام کیاہے۔
۲. کثیر تعداد میں آیات قرآنی، احادیث شریفہ اور سلف سے منقول آثار و اخبار سے واقعات وروایات کو تقویت دی گئی ہے۔
۳. مؤلف نے کتاب کے شروع میں اپنے ماخذ کا تذکرہ کرتے ہوئے مغازی و سیر کی کتابوں کی صراحت کر دی ہے۔
۴. واضح اور آسان الفاظ میں تکلف سے ماوراء سادہ اسلوب میں سیرت بیان کی گئی ہے، جو اقوال کے معنی کو بعینہٖ منتقل کرنے کی اہل ہے۔
۵. کتب حدیث سے آثار واخبار کو ان کتب کے حوالہ سے انہی کے الفاظ میں مختصر طور پر نقل کر دیا ہے اور اقوال صحابہؓ میں بھی نثری عبارتوں کو اصل الفاظ میں نقل کیا گیا ہے۔
۶. مؤلف نے اشعار کو حذف کر کے واقعات کو جگہ دی ہے اور زائد قصہ کہانیوں کو بھی خارج کر دیا ہے۔ صرف ایک یا دو مقامات پر رسول اللہ ﷺ کی صفات کے باب میں اشعار نقل کئے ہیں۔
۷. جہاں بھی الفاظ کی وضاحت کی ضرورت محسوس ہوئی، وہاں اس کے معنی کی وضاحت کر دی گئی ہے۔
۸. کثرت سے اختلافی اقوال لانے کی بجائے راجح اور تحقیقی اقوال سے قاری کو سیرت کی معرفت دی گئی ہے۔
۹. سیرت کا بہت سا مواد مفقود مصادر مثلا مغازی امام زہری (التوفی ۱۲۴ھ)، موسی بن عقبہ (التوفی: ۱۴۱ھ) وغیرہ سے نقل کیا گیاہے، جس سے تراث کی حفاظت میں اس کتاب کی اہمیت ثابت ہوتی ہے۔

## خصوصیات۔

کتاب کی چیدہ چیدہ خصوصیات درج ذیل ہیں:

۱. کتاب جامع اور مختصر ہے۔
۲. کتاب میں ہجرت سے قبل کی ترتیب موضوع کے اعتبار سے ہے، جس میں اندرونی طور پر اور خود موضوعات کے اختیار میں زمانی ترتیب کا خیال رکھا گیاہے۔ موضوع سے متعلق ضروری ابحاث کا احاطہ کیا گیاہے، مثلا ولادت کے ضمن میں آپ ﷺ کا مختون پیدا ہونا، ولادت کے معجزات، اسی طرح حضرت ثویبہؓ کی رضاعت کے ذکر میں ان کے اسلام کی مختصر بحث، حضرت حلیمہؓ کی رضاعت کے ذکر میں ان کے اسلام کی بحث اور ان کی اولاد کے متعلق معلومات شامل کرنا، ازواج مطہرات کے نام ،ان کے متعلق ضروری کوائف اور معلومات مہیا کرنا اس کی چند مثالیں ہیں۔
۳. مؤلف بعض اوقات کچھ ایسے موضوعات پر بھی معلومات فراہم کرتے ہیں جنہیں متعلقات سیرت تو کہا جا سکتا ہے، لیکن سیرت کا موضوع قرار نہیں دیا جا سکتا۔ مثلا رضاعت کے ضمن میں بنی سعد میں ابی سفیان بن الحارث کے حضرت حلیمہ سعدیہؓ کی پاس رضاعت اور اسی طرح بنی سعد میں حضرت حمزہؓ کی رضاعت کا احوال۔

---

[43] - ابن جماعة ،عبد العزيز(٧٦٧ ه) ،المختصر الكبير في سيرة الرسول ، ص ١٥

۴. کتاب میں موضوعی ترتیب سے واقعات سیرت کے بیان کے ضمن میں مسلسل آنحضور ﷺ کی عمر مبارک ذکر کی گئی ہے، مثلا والدہ کی وفات کے وقت عمر شریف، دادا کی وفات اور نزول وحی کے وقت عمر مبارک وغیرہ۔
۵. نبوت اور دعوت کو مؤلف گرامی نے نہایت مختصر طور پر بیان کیا اور صرف چند اہم واقعات ہی ذکر کئے ہیں، جن میں اعلان دعوت اور ابتدائی مسلمانوں کے اسمائے گرامی کے اندراج کے بعد حبشہ کی دونوں ہجرتوں کا ذکر اور پھر کچھ اور ذکر کئے بغیر شعب ابی طالب کا محاصرہ اور خروج ،وفات جناب ابی طالب وحضرت خدیجہؓ ،طائف کا سفر اور واپسی ،معراج اور انصار کے اسلام کا قدرے تفصیلی ذکر کر کے ہجرت کے احوال کا ذکر کیا ہے۔
۶. مؤلف گرامی نے سیرت کے اہم واقعات وحوادث میں علما کے اختلافات کا ذکر کر کے روایات کا تقابلی جائزہ پیش کیا ہے۔ مؤلف اختلافی اور مرجوح اقوال کو " قیل، روی" کے صیغہ سے ذکر کرتے ہیں اور پھر اکثر اوقات محاکمہ کر کے اپنا فیصلہ بھی ذکر کرتے ہیں۔ مثلا ولادت کے ضمن میں دن اور مہینہ کی تعیین میں مختلف اقوال ذکر کر کے ربیع الاول پیر کا دن کی روایت کو ترجیح دی ہے۔ اسی طرح ذکر کیا کہ صحیح طور پر فہر ہی قریش ہیں۔ ذیل میں چند روایات کا ذکر کیا جاتا ہے جس میں انہوں نے اپنا ترجیحی فیصلہ صادر کیا ہے: ا۔ فہر کا لقب قریش ہونا، ۲۔ رسول اکرم ﷺ کے والد کی، آپ ﷺ کی پیدائش سے قبل وفات ۳۔ رسول اللہ ﷺ کی ولادت ۔۔۔۔ربیع الاَول پیر کے دن ہوئی۔ ۴۔ ہجرت کے وقت رسول اکرم ﷺ کی عمر ۵۳ سال تھی۔ ۵۔ حضرت خالدؓ بن ولید اور عمروؓ بن العاص نے صحیح قول کے مطابق خیبر سے قبل اسلام قبول کر کے خیبر میں شرکت کی۔ ۶۔ صحیح ہے کہ عبداللہؓ بن رسول اللہ ﷺ نبوت کے بعد پیدا ہوئے اور صحیح روایت کے مطابق ان کا لقب طیب اور طاہر تھا۔ ۷۔ رسول اکرم ﷺ نے اپنے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔ ۸۔ صحیح قول کے مطابق شادی کے وقت رسول اللہ ﷺ کی عمر ۲۵ سال تھی۔ ۹۔ صحیح ہے کہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ ﷺ نے طلاق نہیں دی تھی۔ ۱۰۔ صحیح ہے کہ ہجرت کے اٹھارہ ماہ بعد شوال میں حضرت عائشہؓ کی رخصتی ہوئی۔ ۱۱۔ حضرت ام سلمہؓ کی وفات دور یزید میں شوال ۶۲ ہجری میں ہوئی۔ ۱۲۔ صحیح طور پر ۴ ہجری ذیقعدہ میں آپ ﷺ نے ام الحکم زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے شادی فرمائی۔ ۱۳۔ حضرت ریحانہ رضی اللہ عنہا کی وفات رسول اکرم ﷺ کی حیات طیبہ میں ہو گئی تھی۔ ۱۴۔ صحیح قول کے مطابق رسول اکرم ﷺ کی عمر مبارک وفات کے وقت ۶۳ سال تھی۔
۷. مؤلف گرامی نے اکثر جگہوں پر اور خاص طور پر اختلافی بحث میں مختلف کتب اور علماء کے حوالے دئے ہیں۔ یہ حوالہ کبھی تو مولف اور کتاب دونوں کے نام سے دیا ہے اور کبھی صرف کتاب یا مصنف کا نام ذکر کیا ہے۔ ذیل میں حوالہ جات کی مثالیں دی جا رہی ہیں۔

" وفي صحيح البخاري :[٤٤]- وفي صحيح مسلم[٤٥]-" وذكر ابن الجوزي في الموالي عُبيد بن عبد الغَفّار[٤٦] ،
" وصحّح الحاكم في الإكليل[٤٧] ، وبذلك جزم ابن سعد وابن فارس والشيخ شرف الدين الدمياطيّ[٤٨] ، وهو قول موسى بن عقبة وابن إسحاق كما حكى عنهما ابن سعد ، وقول الواقدي[٤٩]، هو المشهور كما ذكره

[٤٤] - نفس مصدر ، ص ٥٩
[٤٥] - نفس مصدر ، ص ٥٨
[٤٦] - نفس مصدر، ص ١٠٩
[٤٧] - نفس مصدر، ص ١٤٩
[٤٨] - نفس مصدر، ص ٢٧
[٤٩] - نفس مصدر، ص ٦٧

الحافظ أبو محمد عبد العظيم المنذريّ ، وبه جزم تلميذه الشيخ شرف الدين الدمياطي – رحمهما تعالى[٥٠]
وفي كتاب أَسامي مَنْ أَردفه النبيّ ﷺ[٥١] -

**علامہ ابن جماعۃ نے جن کتب سے استفادہ کیااور ان کا حوالہ اپنی کتاب میں دیا ہے ،ان کے حوالہ جات کی تعداد کا ذکر ذیل میں کیا گیا ہے:**

الحافظ شرف الدين الدمياطيّ:٢٠ ر،ابْن حزم :١٧ ر، ابْن عبد البرّ (الدُّرر فِي اخْتِصَار الْمَغَازِي ): ٩ ر، صَحِيح البُخَارِيّ: ٧ ر، ابْن إِسْحَاق:٥ ر، الْوَاقِدِيّ:٥ ر، صَحِيح مُسلم :٥ ر، عبد الْغَنِيّ المقدسى: ٤ ر، سُنَن أبي دَاوُد: ٤ ر، ابن سعد:٣ ر، ابن فارس ، الموطّأ، ابْن عَسَاكِر، التِّرْمِذِيّ،ابن الأثير **کا حوالہ دودو بار اور درج ذیل کا حوالہ ایک ایک بار دیا ہے**: أبو علي محمد بن أسعد بن عليّ النسّابة الجوّاني ،ابن دِحيَة في كتابه ( المستوفي في أسماء المصطفى )، وَقَالَ الزبير، ابْن الْأمين فِي كِتَابه (الِاسْتِدْرَاك عَليّ أبي عَمْرو بن عبد البرّ )، شَيخنَا أَ عبد مُحَمَّد بن نجاح ، ابْن الْجَوْزِيّ ، ابْن شهَاب، الشَّعْبِيّ، مُوسَى بن عُقْبَة ، عبد الْعَظِيم المنذريّ ، للْبَغَوِيّ،أَبُو عُبَيْدَة، قَتَادة، مصْعَب الزُّبيريّ ، أَبُو حَاتِم، ابْن هِشَام، ابْن فتحون فِي التذييل، فِي الإنجيل، أخلاق النبيّ ﷺ لأبي الشيخ بن حيَّان ، سيّدي والدي ، الثعالبي في تفسير ،كتاب أَسامي مَنْ أَردفه النبيّ ﷺ، محب الدين الطبريّ ، البزار،الحاكم في المستدرك ، الحاكم أبو أحمد، السُّهيليُ اور أبو الربيع بن سالم -

٨. **مؤلف کہیں کہیں صرف اختلاف ذکر کرنے پر اکتفا کرتے ہیں اور محاکمہ کر کے اپنی رائے نہیں دیتے، مثلا سیدہ ریحانہؓ کا بنی قریظہ یا بنی النضیر میں سے ہونا مختلف فیہ ہے، جس میں دمیاطی اور ابن عبدالبر کے اقوال ذکر کر کے بحث کو غیر فیصلہ کن چھوڑ دیا ہے[٥٢]۔**

٩. **مؤلف گرامی نے مقدمہ میں اس کی صراحت کردی تھی کہ انہوں نے شیخ شرف الدین دمیاطی کے اقوال پر اعتماد کیا ہے۔ کتاب کے متن میں جابجاوہ الدمیاطی کے اقوال پر اعتماد کرتے ہوئے نظر آتے ہیں**

'' سُئل رسول ﷺ أَتذْكر موتَ عبد المطلب ؟ قال : نعم ، أ يومئذ ابن ثمان سنين . قاله الشيخ شرف الدين الدمياطي ، وجزم به ، وهو المشهور[٥٣]''

وقال الشيخ شرف الدين الدمياطي : إنّ الثبْت أنه نزل على كُلْثُوم بن الهِدْم [٥٤]''

١٠. **مؤلف کبھی کبھی کسی قول کی موافقت یا مخالفت کی بہ جائے واللہ اعلم کہہ دیتے ہیں لیکن ایسا بہت کم ہوا ہے**

'' وقدم المدينة يومَ الجمعة لاثنتي عشرة مضت منه ، ولهذا ، و أعلم ، عدل ابن حزم عن تعيين مدة المقام ، وذكر أنه أقام بِقُبَاء أ ّ ماً[٥٥]'' والصُبح فُرضت ركعتين . وقيل غير ذلك . و أعلم [٥٦]''

---

٥٠ - نفس مصدر، ص ١٠٤

٥١ - نفس مصدر، ص ١٣٩

٥٢ - نفس مصدر ، ص ١٠٠

٥٣ - نفس مصدر، ص ٢٨

٥٤ - نفس مصدر، ص ٥٢

٥٥ - نفس مصدر، ص ٥٣

٥٦ - نفس مصدر، ص ٥٧

'' وقال ابن عساكر : إنه تَوجَّه لهرقل مع دِحْية و    أعلم ٥٧''

١١.  مؤلف گرامی نے روایت یا مؤلف پر نقد بھی کیا ہے ،تو نرم الفاظ میں، کسی تعصب کا اظہار کئے بغیر اور وہ بھی صرف اظہار حق کے لیے کیا ہے ، مثلا

'' وقد وهم ابن الأمين في كتابه ( الاستدراك علي أبي عمرو بن عبد البرّ ) فقال : إنها (أمّ بُردة خولة بنت المنذر) أرضعت النبيَّ ﷺ وتبعه بعضُ العصريين فحكوا ذلك عنه من غير تَعقُّب ٥٨''

'' وقع في الموطّأ وهْمٌ أنّ زيَنب كانت تحت عبد الرحمن بن عوف ، ولم يقله أَحدٌ ، والغَلَطُ لا يَسلم منه بشر٥٩'''' وفي صحيح مسلم : أَن أ   سفيان طلبَ من النبيِّ ﷺ أنْ يتزوّجها ، فأجابه إلى ذلك ، وقد عُدّ هذا من أوهام مسلم رحمه    ٦٠ ''

١٢.  مؤلف کبھی اختلافی بیان کی توجیہ بھی ذکر کرتے ہیں

'' ونزل رسول    ﷺ على كُلْثُوم بن الهِدْم ، وقيل : سعْد بن خَيْثَمة . وقال الدمياطي : إنّ الثبْت أنه نزل على كُلْثُوم بن الهِدْم . قال : ولكنّه كان يتحدَّث مع أصحابه في منزل سعْد بن خَيْثَمة ، فلذلك قيل : نزل على سعْد بن خَيْثَمة٦١''

١٣.  کبھی چھوٹے سے فقرے میں جملہ معترضہ کے طور پر اضافی معلومات فراہم کرتے ہیں جو اس واقعہ سے متعلق تفہیم میں مدد دیتی ہے  مثلا :١۔وفي السنة العاشرة نزلَ قوله تعالى : **يا أيها الذين آمنوا ليستأذنكم الذين ملكت أيمانكم** . وكانوا لا يفعلونه قبل ذلك ٦٢ **۔٢۔** فأسلموا و  يعوا على۔بَيْعَة النِّساء---- ولم يكن فُرض القتالُ بعدُ[63]

## منفرد معلومات

ابن جماعہ (٧٦٧ھ) کی کتاب سیرت میں کسی نئی یا جداگانہ بات کو تلاش کرنا مشکل ہے، کیوں کہ انہوں نے ساری کتاب علماء کے حوالوں سے مزین کی ہے اور جابجا سیرت کی کتب کے حوالے دیے ہیں۔اس کے باوجود چند ایسی معلومات کی نشاندہی کی جاسکتی ہے جو بالعموم مختصر نگاروں نے ذکر نہیں کیں مثلا (١)انہوں نے لکھا ہے کہ غار ثور سے آگے سفر میں حضرت ابو بکرؓ حضرت عامر بن فہیرہؓ کے ردیف تھے۔(٢) اسی طرح ام معبدؓ کا نام عاتکہ بنت خالد تھا اور وہ ایک صحابی خنیسؓ بن خالد کی ہمشیرہ تھیں اور ان کا خیمہ قدید کے مقام پر تھا۔(٣) اسی طرح انہوں نے بتایا کہ جس جگہ پر مسجد نبوی تعمیر ہوئی، مسلمان ،اس جگہ پر رسول اللہ ﷺ کی آمد سے قبل بھی نماز پڑھا کرتے تھے۔لکھتے ہیں: "فبَرَكت عند موضع مسجد رسول    ﷺ وهو يومئذٍ يُصلِّي فيه رجالٌ من المسلمين ؛ وهو مِرْبد لسَهْلٍ وسُهَيلٍ غلامين من بني مالك بن النجَّار٦٤۔"

---

٥٧ - نفس مصدر، ص ١١٦

٥٨ - نفس مصدر ، ص ٨٢

٥٩ - نفس مصدر، ص ٨٦

٦٠ - نفس مصدر، ص ١٠٢

٦١ - نفس مصدر، ص ٥٢-٥٣

٦٢ - نفس مصدر، ص ٦٨

63 - نفس مصدر، ص ٤٤

٦٤ - نفس مصدر ، ص ٥٣

## ۲۔ المختصر الصغير في سيرة البشير النذير

یہ کتاب عزالدین ابن جماعہ نے اپنی کتاب المختصر الکبیر سے اختصار کر کے تیار کی ہے، جو المختصر الصغیر فی سیرۃ البشیر النذیر کے نام سے سے مطبوعہ ہے۔ کتاب کے مختصر مقدمہ میں مؤلف گرامی لکھتے ہیں کہ سیرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ مختصر میں نے مغازی اور سیرت کی کتب سے ان شاء اللہ تعالی فائدہ کی غرض سے جمع کی ہے۔ تاہم تقابلی مطالعہ سے پتہ چلا کہ یہ دراصل المختصر الکبیر کا ہی اختصار ہے۔ زبان و بیان، الفاظ اور علماء کے اقوال و روایات کے حوالے وہی ہیں جو اصل کتاب میں وارد ہوئے ہیں۔ المختصر الصغیر میں جہاں کہیں حوالہ دیا گیا ہے، وہ حوالہ المختصر الکبیر کے ساتھ مشترک ہے۔ ازواج مطہرات کے ترتیب کے ضمن میں الدمیاطی اور ان کے استاد عبد العظیم المنذری کے قول کا حوالہ دے کر یہ بھی بتایا ہے کہ اس میں کچھ اختلاف ہے جسے، ہم نے المختصر الکبیر میں بیان کر دیا ہے۔ فصول کی تعداد اور ترتیب میں البتہ کمی اور تبدیلی کر دی گئی ہے، جس تفصیلی ذکر آگے تقابلی مطالعہ میں آرہا ہے۔

**عنوانات/موضوعات:** کتاب اٹھارہ فصول پر مشتمل ہے، عنوانات کا اجمالی خاکہ درج ذیل ہے:

پہلی فصل: "النبی ﷺ" کے عنوان سے حیات مبارکہ کا اجمالی خاکہ پیش کرتی ہے، جس میں مکی دور حیات کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔ دوسری فصل: رسول اللہ ﷺ کے شمائل و اخلاق۔ تیسری فصل: اعلام النبوۃ۔ چوتھی فصل: آپ ﷺ کی اولاد امجاد۔ پانچویں فصل: آپ ﷺ کے چچاؤں اور پھوپھیوں کا ذکر۔ چھٹی فصل: رسول اللہ ﷺ کی بارہ ازواج مطہرات کا ذکر خیر۔ ساتویں فصل: آپ ﷺ کی باندیوں کا تذکرہ۔ آٹھویں فصل: آپ ﷺ کے آزاد خادموں کا ذکر۔ نویں فصل: آپ ﷺ کے موالی۔ دسویں فصل: آپ ﷺ کے کاتبین۔ گیارھویں فصل: رسول اللہ ﷺ کے قاصدوں کا ذکر۔ بارھویں فصل: رسول اللہ ﷺ کے مؤذن۔ تیرھویں فصل: آپ ﷺ کی طرف سے نامزد کردہ حکام اور امراء۔ چودھویں فصل: ان صحابہ کرام کے اسمائے گرامی پر مشتمل ہے جو پہرہ داری، قانون کے نفاذ اور دیگر متفرق خدمات سرانجام دیتے تھے۔ پندرھویں فصل: آپ ﷺ کے اسلحہ کی تعداد اور ان کے ناموں کو بیان کرتی ہے۔ سولہویں فصل: رسول اللہ ﷺ کے لباس اور بستر وغیرہ کے ذکر پر مشتمل ہے۔ سترہویں فصل آپ ﷺ کی سواریاں۔ اٹھارہویں فصل: رسول اللہ ﷺ کی وفات حسرت آیات، کفن دفن، جنازہ اطہر اور مرض کی مدت کے سلسلے میں واقع ہونے والے اختلاف پر مختصر گفتگو کی گئی ہے۔

### المختصر الکبیر سے تقابل

یہ کتاب علامہ کی اپنی کتاب المختصر الکبیر کا اختصار ہے، جس میں انہوں نے فصول اور مواد کی ترتیب اور مقدار میں کافی تبدیلیاں کی ہیں۔ ذیل میں دونوں کتب کے تقابلی مطالعہ کے اہم نکات پیش ہیں:

### ا۔ فصول کی ترتیب میں تبدیلی

مؤلف نے اختصار کے دوران فصول کی ترتیب میں اس طرح تبدیلی کر دی ہے کہ مکی دور کے تمام حالات واقعات کو پہلی فصل میں سمو دیا ہے اور مدنی دور کے جو واقعات زمانی ترتیب سے سنین کے اعتبار سے الگ الگ فصلوں میں بیان کئے تھے ان سب کو حذف کر دیا۔ ہجرت کے نویں سال میں غزوات کی تعداد کا جو خلاصہ بیان کیا گیا تھا وہ پہلی فصل کے آخر میں ہی شامل کر دیا ہے اور ہجرت کے دسویں سال میں حجۃ الوداع کے باب میں آپ ﷺ کے حج اور عمرہ کی تعداد پر جو کلام کیا تھا اس کا خلاصہ بھی پہلی فصل کے آخر میں ہی بیان کیا اور سرایا کی تعداد ذکر کر کے پہلی فصل کو ختم کر دیا ہے۔ سیرت کا جو حصہ زمانی ترتیب پر تھا، اس کو نکال کر پوری

کتاب کو موضوعاتی ترتیب پر کر دیا جس میں اندرونی طور پر زمانی ترتیب کا خیال رکھا گیا ہے۔ المختصر الکبیر میں خادموں اور خادماؤں کے لئے الگ الگ فصلیں قائم ہیں، المختصر الصغیر میں نہ صرف خادموں کی تعداد کم کی گئی ہے، بلکہ خادماؤں کی پوری فصل ختم کر کے صرف حضرت ام ایمنؓ کا ذکر خادموں کی فصل میں کر دیا گیا ہے۔ معجزات کی فصل کا نام تبدیل کر کے اعلام نبوت کر دیا گیا ہے۔

## ۲۔ معلومات میں تقدیم وتاخیر

المختصر الصغیر میں مؤلف نے معلومات کی جزئیات کی ترتیب میں کچھ خاص تبدیلیاں نہیں کی ہیں، صرف اسباب البیت کو جو المختصر الکبیر میں لباس کی فصل میں مذکور تھا، اس سے قبل موجود اسلحہ کے باب میں شامل کر دیا ہے جو کہ ایک غیر منطقی تبدیلی معلوم ہوتی ہے۔ نبی پاک ﷺ کی والدہ ماجدہ کی وفات کا ذکر المختصر الکبیر میں اپنے زمانی ترتیب کے اعتبار سے اس وقت آیا، جب آپ ﷺ عمر کے چھٹے سال میں تھے، جب کہ المختصر الصغیر میں مؤلف نے وہ سارا حصہ حذف کر دیا۔ اس لیے آپ ﷺ کی والدہ کی وفات کا ذکر مقدم کرتے ہوئے جہاں ابتدا میں ان کا نسب دیا تھا، وہیں ان کی وفات کا ذکر کر دیا۔ اسی طرح شام کے دوسرے سفر کے بعد جب حضرت خدیجہؓ سے شادی ہوئی، تو زمانی ترتیب کے اعتبار سے وہاں اس کا ذکر کر دیا ہے، حالاں کہ المختصر الکبیر میں اس مقام پر حضرت خدیجہؓ سے نکاح کا ذکر نہیں کیا تھا، یہاں اس کی تصحیح کر دی ہے۔ المختصر الکبیر میں سنہ ۹ ہجری کے واقعات کے آخر پر غزوات کی تعداد کا خلاصہ بیان کیا گیا، پھر سن ۱۰ ہجری کے واقعات کے بعد آپ ﷺ کے حج اور عمرہ کی تعداد پر بحث کے بعد سرایا کی تعداد ذکر کی تھی جو ترتیب کا نقص معلوم ہوتا تھا۔ المختصر الصغیر میں علامہ نے وہ نقص دور کر کے سرایا کی تعداد کے ذکر کو غزوات کی تعداد کے ذکر کے ساتھ ملا دیا اور حج اور عمرہ کے متعلق گفتگو اس کے بعد ذکر کی ہے۔

## ۳۔ معلومات کا اختصار

مؤلف نے اپنی مختصر سیرت میں مختصر الکبیر کے بہت سے عنوانات اور معلومات کو مختصر کر دیا ہے، مثلا: اخلاق مصطفیٰ ﷺ کے المختصر الکبیر میں موجود جامع بیان کو مختصر کر کے صرف چند سطروں میں محدود کر دیا ہے۔ شام کے دونوں سفروں میں آنے پیش آنے والے واقعات کو نہایت مختصر کیا، طائف کے سفر میں پیش آنے والے حالات اور واپسی پر آپ ﷺ کا مکہ میں داخلہ وغیرہ کو بھی مختصر کر دیا ہے۔ نصیبین کے جنوں کی آمد اور قبول اسلام کا واقعہ بھی بہت مختصر کر دیا ہے۔

## ۴۔ عنوانات کا حذف

ذیل میں ان اہم معلومات کی فہرست دی گئی ہے جو المختصر الکبیر میں تو موجود ہیں، لیکن المختصر الصغیر میں علامہ عبد العزیز ابن جماعۃ نے حذف کر دی ہیں۔

جناب عدنان سے اوپر نسب، آپ ﷺ کی نانیوں کا ذکر، ابو کبشہ کا تذکرہ، رسول اللہ ﷺ کے والدین کا نکاح، آپ کے والد ماجد کی وفات کی تفصیلات، ولادت کے معجزات، والدہ محترمہ کی رضاعت کا عرصہ، حضرت ثویبہ کی آزادی کا تذکرہ، شق صدر اور والدہ ماجدہ کے پاس واپسی، والدہ کی وفات دفن اور قبر پر بعد ازاں رسول اکرم ﷺ کا تشریف لے جانا، آپ ﷺ کا جاہلیت کی آلودگیوں سے پاک رکھا جانا اور آپ ﷺ کا مکہ میں الامین مشہور ہونا، شام کے دونوں سفروں میں پیش آنے والے واقعات اور معجزات، انہدام اور تعمیر کعبہ کا پورا واقعہ اور آپ کا فیصلہ فرمانا، وحی کی ابتدا پر جناب ورقہ بن نوفل سے پیش آنے والا مکالمہ، وضو اور نماز کی ابتدائی فرضیت، سابقین الاولین رضوان اللہ علیہم کا ذکر، حبشہ کے مہاجرینؓ کے اسمائے گرامی، قریش کا آپ کے

خلاف مقاطع کا معاہدہ، معراج کے سفر کی کیفیت ، معراج کی صبح جبرئیل علیہ السلام کی نمازوں کی امامت، اور بیت المقدس کی نشانیاں، یثرب میں مصعبؓ بن عمیر کی تبلیغ سے اسلام کی اشاعت کی کیفیت، عقبہ کی دونوں بیعتوں کے شرکاء کے نام، مسلمانوں کی یثرب کی طرف ہجرت، دار الندوہ کا مشورہ، غار ثور کے معجزات، سراقہؓ بن مالک اور خیمہ ام معبدؓ کے واقعات، عرینہ کے ڈاکوؤں کا واقعہ، رسول اللہ ﷺ کی اپنے وصال اطہر سے چند روز قبل مسجد نبوی میں عامۃ المسلمین کو آخری وصیت، حضرت ابو بکرؓ کو امامت کا حکم، آپ ﷺ کی وفات پر صحابہ کرامؓ کا رد عمل، حضرت ابو بکرؓ کا خطبہ، فرشتوں کا جسم اطہر کو ڈھانپنے کی روایت، خضر علیہ السلام کے تعزیت کرنے کی روایت، غسل پر اختلاف، غسل کے پانی اور خوشبو کا ذکر جیسے موضوعات کو المختصر الصغیر میں شامل نہیں کیا، حالاں کہ وہ المختصر الکبیر میں موجود ہیں۔اس کے علاوہ کتاب میں درج مختلف فہارس میں سے جن معلومات کو حذف کر دیا گیا ہے، ان کا موازنہ درج ذیل چارٹ کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

| عنوان | المختصر الکبیر | المختصر الصغیر |
|---|---|---|
| اسما نبوی ﷺ | ۱۷ | ۱۰ |
| معجزات | ۲۶ | ۱۰ |
| خدام (مرد) | ۲۴ | ۷ |
| خادمائیں | ۹ | ۱ |
| موالی | ۶۵ | ۲۴ |

| عنوان | المختصر الکبیر | المختصر الصغیر |
|---|---|---|
| موالاۃ | ۱۵ | ۸ |
| کاتبین | ۳۶ | ۱۸ |
| قاصدین | ۱۶ | ۱۵ |
| عاملین | ۲۰ | ۱۳ |
| پہرہ دار | ۸ | ۴ (وجماعۃ) |

## 5۔ منفرد معلومات

علامہ ابن جماعۃ نے رسول اللہ ﷺ کے معراج کی تاریخ ۱۷ ربیع الاول بیان کی ہے۔ یہ بات دونوں کتب میں موجود ہے۔ اس کا ماخذ معلوم نہیں لیکن یہ بات مشہور اور معروف رجب کی ۲۷ تاریخ کی روایات سے بالکل مختلف ہے۔

## ۶۔ معلومات یا رائے کی تبدیلی

علامہ ابن جماعۃ نے المختصر الکبیر میں رسول اللہ ﷺ کی ولادت کی تاریخ کے مختلف اقوال ذکر کر کے عدم ترجیح کا رویہ اختیار کیا تھا، تاہم المختصر الصغیر میں دس ربیع الاول کی روایت کو راجح قرار دے کر اختیار کیا ہے۔ معلومات میں ایک اور تبدیلی یہ کی ہے کہ المختصر الکبیر میں شعب ابی طالب میں بنو ہاشم کے ساتھ بنو المطلب کے محصور ہونے کا ذکر کیا تھا، یہاں پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے اہل بیت کے محصور ہونے کا ذکر کیا ہے، جو ایک غلط تبدیلی معلوم ہوتی ہے۔ معلومات کی یہ غلطی خلاصہ سیر سید البشر میں علامہ محب الطبری اور نور العیون میں علامہ ابن سید الناس نے بھی کی ہے جو کسی مشترکہ مآخذ کے استعمال کا اثر لگتا ہے۔ سرایا کی تعداد المختصر الکبیر میں چھپن بیان کی گئی تھی، جبکہ المختصر الصغیر میں "نحوا من ستین" ذکر کی گئی ہے۔ المختصر الکبیر میں حضرت سیدہ

فاطمہؓ کا حضرت سیدہ ام کلثومؓ سے عمر میں بڑا ہونا بتایا گیا تھا، یہاں پر علامہ نے اس ترتیب میں تبدیلی کر کے حضرت ام کلثومؓ کا حضرت فاطمہؓ سے عمر میں بڑا بیان کیا ہے۔ علامہ نے المختصر الصغیر میں حضرت ابن عباسؓ کا ایک قول مجہول صیغہ میں روایت کیا ہے کہ ان تینوں میں سے (یعنی سیدہ زینبؓ کے علاوہ) رقیہؓ سب سے بڑی ہیں اور ام کلثومؓ سب سے چھوٹی، یہ قول المختصر الکبیر میں نہیں تھا، تاہم یہاں ذکر کرنے کے بعد ترتیب میں اس کے معکوس تبدیلی کر دی ہے۔ رائے کی ایک اور تبدیلی یہ واقع ہوئی ہے کہ ابن جماعۃ نے المختصر الکبیر میں رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی وفات ۱۰ہجری میں بیان کی تھی اور ان کی ولادت آٹھ ہجری میں ذکر کی تھی۔ اس طرح ان کی عمر دو سال سے اوپر بنتی ہے۔ وہاں پر اگرچہ ان کی وفات ۷۰ یوم کی عمر میں ہونے کا قول ذکر کیا تھا، لیکن دونوں اقوال کے درمیان تضاد کی طرف توجہ نہیں کی تھی۔ المختصر الصغیر میں اختصار سے کام لیتے ہوئے ان کی ولادت اور وفات کی تاریخیں حذف کر دیں اور ان کی عمر کے قول کو باقی رہنے دیا، اس سے دونوں ہی نتیجے نکل سکتے ہیں کہ شاید انہوں نے اپنی رائے میں تبدیلی کی ہے یا یہ کہ تضاد تو باقی تھا، لیکن اختصار نے ایک رائے کو حذف کر دیا ہے۔ واللہ اعلم۔ المختصر الکبیر میں رسول اللہ ﷺ کی نبوت کی ابتداء ۸ ربیع الاول کو بیان کی تھی، یہاں پر تاریخ ذکر نہیں کی ہے۔

## ۳- الغرر و الدرر في سيرة خير البشر

### تعارف مؤلف

امام عزالدین محمد بن ابی بکر بن عبد العزیز ابن جماعۃ (۸۱۹ھ) علامہ ابن خلدون، تاج الدین سبکی، سراج الدین بلقینی اور اپنے دادا قاضی القضاۃ عزالدین عبد العزیز بن محمد بن ابراہیم ابن جماعۃ (۷۶۷ھ) جیسے جید علما کے شاگرد اور ابن حجر عسقلانی جیسے خاتمہ المحدثین کے استاد اور متعدد کتب کے مصنف تھے. آپ علوم عقلیہ اور کتاب وسنت کے علوم میں اللہ تعالی کی نشانیوں میں سے ایک تھے۔ ان سے اکثر اہل مصر نے استفادہ کیا۔[65] علامہ جلال الدین السیوطی نے ان کی تالیفات کی تعداد ایک ہزار سے متجاوز ہونے اور اکثر کتب کے تین تین نسخے، مطول، اوسط اور مختصر لکھنے کا ذکر کیا ہے، نیز الروض الانف کی مختصر نور الروض کو ان کی تالیف بتایا ہے[66]۔

**توضیحی نوٹ:** ۔کتاب الغرر والدرر مؤلف کے دادا عبد العزیز بن محمد بن ابراہیم بن سعد اللہ بن جماعۃ (۷۶۷ھ) کی کتاب المختصر الکبیر کا اختصار ہے۔ اگرچہ مؤلف نے اس کا تذکرہ نہیں کیا، تاہم متن کے مطالعے سے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ ان کے پیش نظر اپنے دادا کی دونوں کتابیں المختصر الکبیر اور المختصر الصغیر تھیں۔ کتاب کے کسی مخطوط پر اطلاع نہیں ہو سکی۔ اس کے واحد مطبوعہ نسخہ کے محقق ابو زید نے حلب کے کسی شخص کے پاس سے مخطوطہ نقل کیا تھا اور پھر کتب سیرت سے اس کا موازنہ کرنے کے بعد اسے شائع کروا دیا اور بیان کیا کہ اصل نسخہ پر ناسخ کا نام سیدی بن حسن لکھا ہوا تھا اور یہ نسخہ ۹۷۵ھ میں حلب میں لکھا گیا ہے[67]۔

---

[65] - أبو بكر بن أحمد بن محمد بن عمر ابن قاضي شهبة ، طبقات الشافعية ، تحقيق : د. الحافظ عبد العليم خان( بيروت : عالم الكتب ، ط : الأولى، ١٤٠٧هـ)، ٢: ٣٧٩-

[66] ـ جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر السيوطي (٩١١هـ)، بغية الوعاة في طبقات اللغويين والنحاة،محقق: محمد أبو الفضل إبراهيم،(صيدا- لبنان :المكتبة العصرية،١: ٦٤

[67] - ابن جماعة(٨١٩ ه) عز الدين ،الغرر و الدرر في سيرة خير البشر، مقدمه ،ص ٢١-

## مقدمہ مؤلف

مؤلف گرامی کتاب کے مختصر مقدمہ میں لکھتے ہیں کہ یہ ایک مختصر تالیف ہے جو علمی لحاظ سے گراں قدر اور سیرت سیدنا محمد ﷺ کے اہم عنوانات پر مشتمل ہے، میں نے اس کا نام "الغرر والدرر فی سیرۃ خیر البشر" رکھا ہے

**عنوانات/ موضوعات :** چالیس فصول پر مشتمل کتاب کے عنوانات کا اجمالی خاکہ درج ذیل ہے۔

آپ ﷺ کا نسب اور اسمائے گرامی، آپ ﷺ کی ولادت اور صفات، رضاعت، حضانت، کفالت، بعثت سے قبل کی زندگی میں شام کے دونوں سفر، آپ ﷺ سے حضرت خدیجہؓ کا نکاح، تعمیر کعبہ، نبوت عطا ہونا، شعب ابی طالب کا محاصرہ، جناب ابوطالب کی وفات، معراج نبوی، مدینہ میں داخلہ کا مختصر ذکر کیا گیا ہے۔

یہاں تک موضوعاتی ترتیب تھی اس کے بعد زمانی ترتیب سے مدنی دور کی سیرت پیش کی گئی ہے۔ جس میں نہایت مختصر انداز میں ہر سال کے اہم واقعات کو چند الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ پہلے اس سال میں وقوع پذیر ہونے والے اہم غزوہ کا نام ہوتا ہے، اس کے بعد دیگر اہم واقعات کا ذکر ہوتا ہے۔ ہجرت کے دسویں سال کے واقعات میں نبی پاک ﷺ کا آخری حج، تکمیل دین، اور رسول اللہ ﷺ کے حج اور عمرہ کی تعداد پر مختصر گفتگو کی گئی ہے۔ ہجرت کے گیارہویں سال میں اسود عنسی کا قتل اور رسول اللہ ﷺ کی وفات کا ذکر ہے۔

اس کے بعد سیرت کو پھر موضوعاتی ترتیب کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

پچیسویں فصل: آپ ﷺ کی اولاد اطہار کا ذکر، چھبیسویں فصل: آپ ﷺ کے چچاؤں کا ذکر، ستائیسویں فصل: رسول اللہ ﷺ کی پھوپھیوں کا ذکر۔ اٹھائیسویں فصل: آپ ﷺ کی باندیوں کا ذکر۔ تیسویں فصل: میں آپ ﷺ کے آزاد خادموں کا ذکر۔ اکتیسویں فصل: آپ ﷺ کے موالی (مرد اور خواتین) کے ذکر پر مشتمل ہے۔ بتیسویں فصل: آپ ﷺ کے کاتبین کے نام، تنتیسویں فصل: قاصدوں کے ذکر پر مشتمل ہے، چونتیسویں فصل: چار مؤذنوں کے ناموں پر مشتمل ہے۔ پینتیسویں فصل: آپ ﷺ کی طرف سے مختلف اقوام اور قبائل میں نامزد کردہ حکام اور امراء کے نام۔ چھتیسویں فصل: آپ ﷺ کے اسلحہ کی تعداد اور ان کے ناموں کو بیان کرتی ہے، سینتیسویں فصل: رسول اللہ ﷺ کے لباس کا بیان لئے ہوئے ہے۔ اسی فصل میں نوٹ کے طور پر خلفائے راشدین اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ، ان کے بیٹے یزید اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کی انگوٹھیوں کے نقوش بھی بیان کئے گئے ہیں، اڑتیسویں فصل: آپ ﷺ کی سواریوں کے ذکر پر مشتمل ہے۔ انتالیسویں فصل رسول اللہ ﷺ کی وفات حسرت آیات کے واقعات پر مشتمل ہے۔ چالیسویں اور آخری فصل رسول اللہ ﷺ کے مرض کی مدت کے سلسلہ میں مختلف و متباین روایات کے ذکر پر مشتمل ہے۔

### المختصر الکبیر سے تقابل

یہ کتاب علامہ نے اپنے دادا کی کتاب المختصر الکبیر کا اختصار کر کے لکھی ہے۔ اختصار کے دوران کہیں کہیں فصول کی ترتیب میں تبدیلی کر دی ہے، کچھ عنوانات حذف کر دئے ہیں اور جن فصول کو برقرار رکھا ہے، ان میں معلومات کی فراہمی میں بھی کافی حد تک حذف سے کام لیا ہے۔ ذیل میں تقابلی مطالعہ کے اہم نکات پیش ہیں:

### ا۔ فصول کی ترتیب میں تبدیلی

جہاں تک فصول کی ترتیب میں تبدیلی کا تعلق ہے تو الغرر والدرر کے مصنف نے المختصر الکبیر میں ترتیب کے نقص کو دور کرنے کے لئے اس میں کچھ تبدیلی کی ہے، مثلا شام کے سفر کے بعد رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہ سے شادی فرمائی, المختصر الکبیر میں اس کا ذکر نہیں تھا، بلکہ عزالدین عبدالعزیز ابن جماعہ (۷٦۷ھ) نے حضرت خدیجہؓ کے ساتھ شادی کا ذکر ازواج مطہرات کے باب میں جاکر کیا، حالانکہ اصولی طور پر واقعات کی ترتیب میں شام کے سفروں کے بعد حضرت خدیجہؓ سے شادی کا ذکر کیا جانا ضروری تھا اور تفصیلات کو ازواج مطہرات کی فصل میں منتقل کیا جاسکتا تھا۔ محمد بن ابی بکر ابن جماعہ (۸۱۹ھ) نے اپنی اس کتاب میں حضرت خدیجہؓ کا ذکر اپنے مقام پر شامل کیا ہے اور پھر ان کا تفصیلی احوال آگے جاکر اختصار کے ساتھ ازواج مطہرات کے باب میں شامل کیا ہے۔

کتاب میں مؤلف نے دوسری تبدیلی یہ کی ہے کہ جہاں المختصر الکبیر میں کاتبین کا ذکر تھا، وہاں پر رسول اللہ ﷺ کی چاندی کی انگوٹھی کا ذکر شامل کیا گیا تھا، جس سے آپ خطوط پر مہر لگایا کرتے تھے، اسکا وہاں پر ذکر کیا جانا زیادہ بہتر تھا۔ علامہ ابن جماعہ الکبیر (۷٦۷ھ) نے آگے جاکر رسول اللہ ﷺ کے لباس کے ذکر کے ساتھ انگوٹھی کا ذکر دوبارہ کیا اور قدرے تفصیلی معلومات فراہم کیں، جس سے کتاب میں معلومات کا تکرار پیدا ہوگیا ہے۔ مولف کتاب الغرر والدرر ابن جماعۃ (۸۱۹ھ) نے کاتبوں اور قاصدوں کے ذکر کے ساتھ انگوٹھی کی مہر کا ذکر حذف کردیا اور آگے جاکر رسول اللہ ﷺ کے لباس والی جگہ پر اسے شامل رکھا ہے۔

## ۲۔ معلومات میں تقدیم وتاخیر

الغرر والدرر کے مؤلف نے معلومات کی جزئیات کی ترتیب میں کچھ تبدیلیاں کی ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

رسول اللہ ﷺ کی ولادت کے معجزات میں کچھ تو اختصار کردیا اور کچھ تقدیم وتاخیر کردی مثلا عام معجزات جیسے ایوان کسریٰ کے کنگرے گرنے وغیرہ کو المختصر الکبیر میں پہلے لایا گیا تھا، پھر آپ ﷺ کی ولادت پر شیطانوں کا آسمان سے روکا جانا ذکر کیا اور اس کے بعد آپ ﷺ کا مختون اور مسرور پیدا ہونا ذکر کیا گیا تھا، جبکہ یہاں پر اس کی ترتیب تبدیل کردی گئی ہے، پہلے آپ کے مختون ومسرور پیدا ہونے کا ذکر کیا گیا ہے، پھر عام معجزات اور پھر شیطانوں کا روکا جانا بیان کیا گیا۔ اس کے علاوہ اسباب البیت اور لباس کے ضمن میں معمولی تقدیم وتاخیر کی گئی ہے۔

## ۳۔ عنوانات کا حذف

مؤلف نے اپنی مختصر سیرت میں مختصر الکبیر کے بہت سے عنوانات اور معلومات کو حذف کردیا ہے، مثلا: خدام کی فصل میں مرد خادموں کا ذکر رہنے دیا اور خواتین خادماوں کا ذکر حذف کردیا۔ امراء، دوست، پہرہ دار، گردن مارنے والے، اور متفرق ذمہ داریاں ادا کرنے والوں کا ذکر حذف کردیا۔ صفات، اخلاق اور معجزات کی فصول حذف کردیں۔ آپ ﷺ کی سواریوں کی فصل میں المختصر الکبیر میں جہاں اونٹوں کا ذکر آیا، وہاں عرینہ کے ڈاکوؤں کا واقعہ بھی نقل کیا گیا۔ اس کتاب کے مؤلف نے وہ واقعہ حذف کر دیا ہے۔

## ۴۔ معلومات کا حذف

ذیل میں ان اہم معلومات کی فہرست دی گئی ہے، جو المختصر الکبیر میں تو موجود ہیں، لیکن اس کے اس اختصار الغرر والدرر میں علامہ محمد ابن جماعۃ (۸۱۹ھ) نے حذف کردی ہیں۔

فہر کے قریش ہونے کا ذکر، ابو کبشہ کا ذکر، حضرت آمنہؓ کے نکاح کا واقعہ، مدت حمل، والد گرامی کی وفات کی جگہ، والد کی عمر، والد کا ترکہ، والدہ کا رضاعت کرنا، حضرت حمزہؓ اور حضرت ابو سلمہؓ کا آپ کا رضاعی بھائی ہونا، حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے خاندان کی معلومات، شق صدر کا واقعہ، والدہ ماجدہ کے پاس واپسی، والدہ ماجدہ کی وفات اور دفن، بعد ازاں والدہ ماجدہ کی قبر پر حاضری، آپ ﷺ کا امین مشہور ہونا، سفر شام میں علامات نبوت، انہدام کعبہ کی تفصیلات، غار حرا کا واقعہ، جناب ورقہ بن نوفل سے ملاقات اور تصدیق، نماز کی ابتدائی فرضیت، دعوت کے ادوار، حضرات سابقین الاولینؓ، حبشہ کی دونوں ہجرتوں کا احوال، طائف کا سفر، نصیبین کے جنوں کا ایمان لانا، مطعم بن عدی کی جوار میں مکہ میں داخلہ، معراج کی کیفیت اور تفصیلات، مواسم میں قبائل کو دعوت، انصار کا اسلام قبول کرنا اور مدینہ میں اسلام کا پھیلاؤ، بیعت عقبہ اولیٰ و ثانیہ، مسلمانوں کا ہجرت کرنا اور اس کی کیفیت، دارالندوہ کی سازش اور حضور کا ہجرت کرنا، غار ثور کے واقعات، سراقہؓ بن مالک کا واقعہ، ام معبدؓ کے خیمہ کا احوال، قبا میں قیام اور مدینہ میں آپ ﷺ کا استقبال، مسجد کی تعمیر، مواخات کا ذکر، مہاجرین حبشہ کی واپسی، بدر میں مسلمانوں اور کفار کی تعداد، غزوہ احد کے اعداد و شمار، ایلاء کا واقعہ، مسجد ضرار کا انہدام، نجاشی کی وفات اور دیگر بہت سی مفید جزئیات کو حذف کر دیا۔ اس کے علاوہ کتاب میں درج مختلف فہارس میں سے معلومات کو حذف کر دیا جس کا موازنہ درج ذیل چارٹ کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

| عنوان | المختصر الکبیر | الغرر والدرر |
|---|---|---|
| خدام (مرد) | ۲۴ | ۱۲ |
| خادمائیں | ۹ | کسی کا بھی ذکر نہیں کیا |
| مولاۃ (خواتین) | ۱۵ | ۸ |
| کاتبین | ۳۶ | ۳۰ |
| قاصدین | ۱۶ | ۱۱ |
| عمال | ۲۰ | ۱۹ |
| دوست | ۱ | ذکر نہیں کیا |
| پہرہ دار | ۸ | ذکر نہیں کیا |
| ضارب الاعناق (قانون کا نفاذ کرنے والے) | ۶ | ذکر نہیں کیا |

## ۵۔ معلومات میں اضافہ

علامہ محمد بن ابی بکر ابن جماعۃ (۸۱۹ھ) نے اپنی کتاب میں گیارہویں سال ہجری کے واقعات کا اضافہ کیا ہے۔ المختصر الکبیر میں ہجرت کے دسویں سال کے بعد گیارہویں سال کے واقعات نہیں لکھے گئے تھے۔ اس کتاب میں ہجرت کے گیارہویں سال کا عنوان قائم کر کے مؤلف نے اسود عنسی کے قتل اور رسول اللہ ﷺ کی رحلت کا ذکر کیا ہے۔ تاہم آپ ﷺ کے وصال کے تفصیلی حالات

کتاب کے آخر میں ہی نقل کئے ہیں۔کتاب کی معلومات میں دوسرا اضافہ زیادہ اہم ہے۔ جس فصل میں رسول اللہ ﷺ کے لباس کا ذکر کیا گیا ہے، وہاں آپ کی انگوٹھی کے نقش "محمد الرسول " کے ذکر کے ساتھ نوٹ دے کر علامہ نے خلفائے راشدین کی انگوٹھیوں، حضرت امیر معاویہؓ ،ان کے بیٹے یزید اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کی انگوٹھی کا نقش بھی ذکر کیا ہے۔ یہ نہ صرف المختصر الکبیر پر اضافہ ہے، بلکہ یہ اضافہ نئ معلومات کے باب سے تعلق رکھتا ہے، دیگر مختصر نگاروں نے اس کا ذکر نہیں کیا۔ معلومات میں تیسرا اضافہ رسول اللہ ﷺ کی ولادت کے ذکر میں آپکے مختون پیدا ہونے کے ساتھ کیا گیا اور حضرت کعب الاحبار کی روایت سے حضرت آدم علیہ السلام کے مختون تخلیق ہونے اور ان کی اولاد میں سے جناب رسول اللہ ﷺ سمیت تیرہ انبیاء کے مختون پیدا ہونے کا ذکر کر کے ان انبیاء کے نام بتائے گئے ہیں۔ شعب ابی طالب کے محاصرے سے نکلنے کے وقت رسول اللہ ﷺ کی عمر ۴۹ سال ذکر کی گئی ہے جو المختصر الکبیر میں نہیں تھی۔

## ۶۔ معلومات کی تبدیلی

علامہ محمد بن ابی بکر ابن جماعۃ (۸۱۹ھ) نے المختصر الکبیر کی معلومات میں کچھ مقامات پر معمولی تبدیلیاں کیں، مثلا رسول اللہ ﷺ کی اولاد کے ذکر میں المختصر الکبیر میں رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادوں میں قاسمؓ اور عبداللہ، جن کا لقب طیب اور طاہر ہے، کا ذکر کیا گیا تھا، ابن جماعۃ الثانی (۸۱۹ھ) نے عبداللہؓ کو طیب کہا ہے اور طاہر کو ان سے الگ تیسرا بیٹا قرار دیا ہے۔ دوسری تبدیلی سرایا کی تعداد کے ضمن میں کی گئی ہے کہ المختصر الکبیر میں صراحت سے سرایا کی تعداد ۵۶ بتائی گئی ہے، یہاں " تقریبا ۶۰" کہا گیا ہے۔ معلومات کی تبدیلی کی ایک اور صورت کچھ واقعات میں تاریخ کے انداز میں تبدیلی ہے مثلا المختصر الکبیر میں جناب ابو طالب کی وفات ۱۰ نبوی میں ہونا ذکر کی گئی تھی، جبکہ الغرر والدرر میں محاصرہ سے نکلنے کے ۸ ماہ گیارہ دن بعد ذکر کی گئی ہے۔


## ۷۔ کتب سیرت کا حجمی تقابل


کتاب المختصر الکبیر، جامع ترین مختصر ہے اور اس کی دو تلخیصات لکھی گئیں۔ایک تلخیص مؤلف نے خود "المختصر الصغیر" کے نام سے کی، جبکہ دوسری تلخیص ان کے پوتے محمد بن ابی بکر ابن جماعہ (۸۱۹ھ) نے "الغرر والدرر" کے نام سے کی۔ تینوں کتب آٹھویں صدی کی سیرت نگاری کا نمونہ اور مختصرات سیرت کے ارتقا میں اہم مقام کی حامل ہیں۔ ذیل میں اصل اور تلخیصات کے حجم کا تقابلی مطالعہ، جدول اور خرائط کی صورت میں ظاہر کیا گیا ہے۔


| نام کتاب / تلخیص | حجم صفحات / فی صد | حذف فی صد | (مقام/وابستگی) |
|---|---|---|---|
| المختصر الکبیر۔ابن جماعۃ (۷۶۷ھ) | ۱۵۸ص | اصل | مکہ/شافعی |
| المختصر الصغیر۔ نفس المؤلف | ۲۱۸ص[۶۸] (متن ۱۱۰ص) | ۴۸ص | مکہ/شافعی |

[۶۸]۔اس کی پیش نظر اشاعت میں حواشی بہت زیادہ اور متن کم ہے، متعدد مسلسل صفحات پر حواشی چلتے ہیں جبکہ اوپر یا تو متن ہوتا نہیں یا ایک دو سطری ہوتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | 70% | 30% | |
| الغرر والدرر۔ محمد بن ابی بکر (۸۱۹ھ) | ۱۱۹ص<br><br>75% فی صد | ۳۹ص<br><br>25% | مصر/شافعی |




المختصر الکبیر اور تلخیص-2
محذوف صفحات
% 25
الغرر و الدرر في سيرة
خير البشر
% 75

## خلاصہ کلام

۱. المختصر الکبیر فی سیرۃ الرسول ﷺ عزالدین ابو عمر عبدالعزیز بن بدر الدین الکنانی (۷۶۷) کی کتاب ہے، جس کے مخطوطات متعدد ذخائر میں پائے جاتے ہیں۔ اس میں متعدد مآخذ بالخصوص الدمیاطی کی سیرت کی بنیاد پر اٹھائیس فصول میں سیرت اور متعلقات سیرت کو متوازن انداز میں، صحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ مؤلف کو کم الفاظ میں زیادہ معلومات جمع کرنے اور بیان کرنے کا ملکہ حاصل ہے اور سب سے اہم بات متعلقہ اور غیر متعلقہ چیزوں کو جدا کرنے کی اہلیت ہے۔ مؤلف نے ابواب اور فصول کی ترتیب اور مواد کی پیشکش میں توازن، تعصب اور افراط و تفریط سے پاک اور آئمہ سیرت و علماء کی آراء سے مؤید، مختصر اور صحیح سیرت پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اکثر مقامات پر ضعیف روایات و اقوال کو قیل کے صیغہ سے روایت کر کے ان کے ضعف کی طرف واضح اشارہ کیا گیا ہے۔ تاہم مؤلف معجزات کے ضمن میں کچھ ضعیف اور غیر مستند روایات بھی لائے ہیں۔ نقد روایات اور توجیہہ اختلافات کا اہتمام اور مشکل الفاظ کے معانی شامل بحث کیے گئے ہیں۔ سیرت کا مکی دور موضوعاتی اور مدنی دور سنین کی ترتیب پر ہے۔ مقالہ نگار کی رائے کے مطابق یہ کتاب سیرت کا جامع تر مختصر ہے۔

۲. علامہ عبدالعزیز ابن جماعہ نے المختصر الکبیر کا اختصار کرتے ہوئے زیر نظر کتاب المختصر الصغیر لکھی، جس میں حوالہ جات اور علماء کے اقوال کو حذف کر دیا۔ بہت سے عنوانات پر معلومات بھی حذف کر دیں اور جن عنوانات پر معلومات بیان کیں، انہیں بھی مختصر کر دیا۔ تاہم یہ ایسا شدید اختصار نہیں، جس سے معلومات میں ابہام پیدا ہوتا ہے۔ مختصرات میں علامہ کی یہ کتاب اگرچہ سیرت کے مطالعہ کی ضرورت پوری کرتی ہے، تاہم بہت سی ضروری معلومات کے حذف سے جامعیت کے وصف سے خالی ہو گئی ہے۔ معلومات و عنوانات کی ترتیب میں تبدیلی، تقدیم و تاخیر اور بعض مقامات پر اپنی اصل کی رائے میں تبدیلی بھی کتاب کی خصوصیات میں شامل ہے۔

۳. علامہ محمد بن ابی بکر ابن جماعۃ (۸۱۹ھ) نے اپنے دادا علامہ عبدالعزیز ابن جماعۃ (۷۶۷ھ) کی جامع اور مختصر کتاب سیرت المختصر الکبیر کا اختصار کرتے ہوئے اپنی کتاب "الغرر و الدرر في سيرة خير البشر" لکھی، جس میں بہت سی بنیادی معلومات کو حذف کر دیا، جس کا ذکر سطور بالا میں تفصیل سے کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ جو معلومات فراہم کی گئی ہیں، ان میں کہیں کہیں اختصار زیادہ شدید ہو گیا ہے اور خاص طور پر متعلقات سیرت میں، جہاں رسول اللہ ﷺ سے منسلک اشیاء اور افراد کا ذکر کیا گیا، تو ان سے متعلقہ تمام ضروری معلومات حذف کر کے صرف نام ذکر کئے گئے ہیں۔ خاص حیات مبارکہ کے باب میں جو معلومات اور الفاظ حذف کیے گئے ہیں، تقابلی مطالعہ سے محسوس ہوتا ہے کہ شاید وہ الفاظ فقرہ میں اضافی تھے، یعنی علامہ ابن جماعۃ (۸۱۹ھ) نے جہاں بھی عبارت میں تبدیلی کی ہے، وہاں بڑی مہارت کا ثبوت دیا ہے اور صرف ان ہی الفاظ کو حذف کیا ہے جو زائد از ضرورت تھے۔ اسی طرح کچھ غیر ضروری معلومات کو بھی حذف کیا ہے، جیسے حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے ذکر میں ان کے خاندان کی تفصیلات اور معلومات۔ اگر ہم پوری کتاب کا ایک عمومی جائزہ لیں تو ایک طرف سیرت کے باب میں شدید اختصار سے معلومات کی تشنگی کا احساس ہوتا ہے، تو دوسری طرف بڑے فقروں کو چھوٹے فقروں میں تبدیل کرنے کی متعدد انفرادی مثالوں کو دیکھنے سے علامہ ابن جماعہ (۸۱۹ھ) کی زبان پر قدرت اور اظہار پر دسترس کی صلاحیت کا پتہ چلتا ہے۔

## مصادر و مراجع


1. Abdul Aziz b Muhammad Ibn Jama'ah (767AD), Al Mukhtasar al Kabir fi Seerat al Rasool, Ed:Sami Makki(Oman: Dar al Bashir, 1st ed 1993).

   عبد العزيز بن محمد بن إبراهيم ابن جماعة(٧٦٧هـ)،،المختصر الكبير في سيرة الرسول صلى عليه وسلم،المحقق: سامي مكي عمان: دار البشير ط: الأولى، ١٩٩٣م)-(العاني،

2. Abdul Aziz b Muhammad Ibn Jama'ah (767AD), Al Mukhtasar al Sagir fi Seerat al Bashir wa al Nazir, Ed:Muhammad Kamal ud Din (Beirut: Aalam al Kutub, 1st ed, 1988).

   عبد العزيز بن محمّد ابراهيم ابن جماعة(٧٦٧هـ) ، المختصر الصغير في سيرة البشير النذير، تحقيق: محمّد كمال الدين عز الدين، (بيروت: عالم الكتب، ، ط:الاولى، ١٩٨٨ م)

3. Khair ud Din Mehmood b Muhammad al Zarkali 1396H),al A'alaam ( Beirut, Dar al Ilm lil Malayin, 15th ed, 2002)

   خير الدين بن محمود بن محمد بن علي بن فارس الزركلي (المتوفى: ١٣٩٦هـ)، الأعلام، (دار العلم للملايين، ط: الخامسة عشر، ٢٠٠٢ م)

4. Izud Din Muhammad b Abi Bakar ibn Jama'ah (819H), al Ghurar wa al Durrar fi Seerat e Khair al Bashar, Ed: abu Zaid Adnan (Damascus : Dar al Nawadir , 1st ed 2007).

   عز الدين محمد بن أبي بكر بن عبد العزيز ابن جماعة(٨١٩ ه) ، الغرر و الدرر في سيرة خير البشر، تحقيق : عد ن بن محمود أبو زيد،(دمشق: دار النوادر، ط : الأولى، ١٤٢٧هـ/ ٢٠٠٧ م)-

5. Abdullah al jaburi (Comp) , Fehris al Makhtutat al Arabia Maktaba Awqaf al Aama (Bagdad, Matbat al Irshad, 1st ed, 1973 AD)

   عبد الجبوري، مرتب، فهرس المخطوطات العربية مكتبة لوقاف للعلمة، ،(بغداد: مطبعة الارشاد، ط أولى، ١٣٩٣ هـ / ١٩٧٣ م)

6. Abdul Raheem b al Hassan al Isnavi (772H) Tabqaat al Shaf'ea, Ed:Kamal Yousaf al Hout (Beruit: Dar al Kutub al Ilmia, 1st ed 2002).

   عبد الرحيم بن الحسن بن علي الشافعيّ الإسنوي (٧٧٢هـ)، طبقات الشافعية ،تحقيق: كمال يوسف الحوت، (بيروت : دار الكتب العلمية،ط:الاولي، ٢٠٠٢م)

7. Abdul Jabbar al Rafa'I , Mo'jam ma kutiba an al Rasool wa Ahl al bait (SAW) (Tehran:Wazarat Farhang wa Irshad Islami, 1371H)

   عبد الجبار الرفاعي، معجم ما كُتب عن الرسول و أهل البيت صلوات عليهم ، (تهران: وزارة فرهنك و ارشاد إسلامي، ١٣٧١هـ)

8. ROUDLEF MACH,Catalogue of Arabic Manuscripts(YAHUDA SECTION),GARRETT College(Princeton, NEW JERSEY: Princeton University Library.

9. Brockelmann , Carl (1956),*Geschichte der arabischen Litteratur* (GAL) Supplement Band, (E.J. Brill, 1938)

10. Charlis Rieu, Supplement to the Catalogue of the Arabic Manuscripts in the British Museum, (London: Gilbert and Bivington LD ST. John's House, 1894)

11. Nazmi al Ja'aba (Comp) Fehrist al Maktaba al Khaldia al Qudus ( London: Moasasah al Furqan lil Turath al Islami, 2006AD)

   نظمي الجعبة، مرتب ، فهرست المكتبة الخالدية القدس،(لندن : مؤسسة الفرقان للنزاث الاسلامي، ١٤٢٧هـ-٢٠٠٦م)

12. Ali Raza Qara Balout – Ahmad Touran, Mo'jam Tarikh al Turath al Islami fi Maktbaat al Alam – Makhtootat wa Matbuaat (Qaiseri : Dar al Uqba , 1st ed, 20010.

علي الرضـــا قره بلوط – أحمد طوران قره بلوط، معجم  ريخ التراث الإســـلامي في مكتبات العالم – المخطوطات والمطبوعات(
قيصري — تركيا: دار العقبة، ، ط: الأولى، ١٤٢٢هـ – ٢٠٠١ م)

13. Fehris Makhtootat Dar al Kutub al Watnia ( Tunsia: Ministery of Information & Cultural Affairs, 1980)

فهرس مخطوطات دار الكتب الوطنية (تونس: وزارة الاعلام و الشؤون الثقافية ، ١٩٨٠م)

14. Salim abdul Razzaq Ahmad, Fehris al Makhtutat Maktaba Awqaf al Aa’ma fi Mousel (Iraq : Ministery of Awqaf & Religious Affairs,1982AD).

سـالم عبد الرزاق أحمد، فهرس مخطوطات مكتبة الأوقاف العامة في الموصـل(العراق: وزارة الأوقاف والشـؤون الدينية ، ١٤٠٣ هـ – ١٩٨٢م)

15. Dr.Fazil Mehdi Bayat , al Makhtootat al Arabia fi Maktaba Topkapı Sarayı Istanbul (Bagdad: al Maward Magazine, Ministery of Information Iraq, 1975AD).

د- فاضل مهدي بيات،" المخطوطات العربية في مكتبة طوپ قاپي سـرايى  سـتنبول" (بغداد: مجلة المورد العراقية ، وزارة الاعلام - الجمهورية العراقية ١٣٩٥/ ١٩٧٥م)

16. Fahrist al kutub al Arabia present at Dar al Kutub al Misria till December 1928 (Cairo:Matb’ah al Dar al Misria , 1st ed, 1930)

فهرس الكتب العربية الموجودة  لدار لغاية ديسمبر ١٩٢٨( قاهرة : مطبعة الدار المصرية ، ط: الاولى، ١٣٤٨/ ١٩٣٠)

17. Ramzan Shashn , Selection of Rare Manuscripts in Turkish Libraries (Beruit : Dar al kitab al Jadeed, 1997).

رمضان ششن، مختارات من المخطوطات العربية النادرة في مكتبات  تركيا (بيروت : الكتاب الجديد، ١٩٩٧)

18. Abdul Fatah Muhammad al Hilu(Comp) Khazana al Turath – Fahrist Makhtootat, (Riyadh: King Faisal Center for Research and Islamic Studies)
Brockelmann Carl (1868-1956),*Geschichte der arabischen Litteratur* (GAL) Supplement Band,(Laiden: E.j. Brill: 1938)

عبد الفتاح محمد الحلو ، مرتب، خزانة التراث – فهرس مخطوطات، ، (الر ض: مطبعة مركز الملك فيصـل للبحوث و الدراسـات الإسلامية )

19. Fauat Sezgin, History of Arabic Literature ( Cairo: Egyptian General Authority for Books) 1977AD)

فواد سيزكين،  ريخ التراث العربي(قاهره: الهيعة  المصرية العامة للكتاب، ١٩٧٧م )

20. Dr. Muhammad Yasin Mazhar Siddiqui, Maqalaat Seerat , Ed: Humayun Abbas Shamas (Lahore : Maktaba Islamia, 2015)

ڈاکٹر محمد یسین مظہر صدیقی، مقالات سیرت، مرتب۔ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس(لاہور: مکتبہ اسلامیہ، ۲۰۱۵)

21. Brockelmann , Carl (1868-1956),*Geschichte der arabischen Litteratur* (GAL) , (Berlin: Verlag Von Emil Felber, 1902)

ميخائيل عواد ، مخطوطات المجمع العلمي العراقي ،(بغداد: المجمع العلمي العراقي ١٣٩٩ — ١٩٧٩)

22. Mikhail Awwad, Makhtootat al Mujam’a al Ilmi al Iraqi ( Bagdad : al Mujam’a al Ilmi al Iraqi, 1979)

كوركيس عواد، المخطوطات االتاريخي في خزانة كتب المتحف العراق ببغداد ( بغداد :مطبعة الرابطة، ١٩٥٧)

23. Gūrgīs Ḥannā ‘Awwād, Historical Manuscripts at Iraqi Museum Bagdad (Bagdad:Matba’h al Rabita, 1987 AD)

اسامه  صر نقشبندي ، مخطوطات التاريخ و التراجم و السير في مكتبة المتحف العراقي(بغداد:  دار الحرية للطباعة، ١٩٨٢)

24. Usama Nasir Naqash Bandi, Makhtootat al Tarikh wa al Tarajim wa al Siyar fi maktaba al Mathaf al Iraqi ( Bagdad : Dar al Hurriyah lil Tib’ah, 1982)

أبو بكر بن أحمد بن محمد بن عمر ابن قاضـي شـهبة ، طبقات الشـافعية ، تحقيق : د. الحافظ عبد العليم خان( بيروت : عالم الكتب ، ط : الأولى، ١٤٠٧هـ)

25. Abu Bakar b Ahmad b Muhammad Ibn Qazi Shehb’ah, Tabqaat al Shaf’ah, Ed:Hafiz Abdul Aleem, (Beruit : Alam al Kutub, 1st ed 1407H)

| | |
|---|---|
| | Jalal ud Din Abdul Rehman al Sayuti (911H),Bugyat ul Viyah fi Tabqaat al Lugviyeen wa al Nuhah, Ed : Muhammaf Ibrahim (Saida : al Maktaba al Asria)<br>جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر السـيوطي (٩١١هـــ)، بغية الوعاة في طبقات اللغويين والنحاة،محقق: محمد أبو الفضـل إبراهيم،(صيدا- لبنان :المكتبة العصرية) |
| 26 | Salah ud Din al Munjid, Moj'am ma Ullifa an Rasool Allah (SAW), (Beruit : Dar al Kutub al Jadeed, 1st ed, 1982)<br>صلاح الدين المنجد،معجم ما ألّف عن رسول ا ّ (ﷺ)(بيروت: دار الكتب الجديد، ط: الأولى، ١٤٠٢ ھ/ ١٩٨٢ م)، -١٢٦ |

## ONLINE SOURCES

https://www.alukah.net
http://arks.princeton.edu
https://archive.org